بسم اللہ الرحمن الرحیم

آؤ قرآن سمجھیں

ڈاکٹر عبدالعزیز عبدالرحیم

پیس ٹی وی اردو

Peace TV Urdu

www.peacetvurdu.org

سبق۔ ۱: تعارف

کورس کے مقاصد:

قرآن کو سمجھنا آسان لگے.
نماز کو مؤثر طرح سے پڑھنے کی عادت ہو.
قرآن سمجھ کر بار بار تلاوت کرنے کا شوق پیدا ہو.
قرآن سے تعامل (Interaction) سمجھ میں آئے.
ٹیم ورک یا اجتماعیت کی اسپرٹ پیدا ہو.

عربی زبان سیکھنے اور قرآن فہمی کے اس کورس میں فرق

فرق نمبر۔ ۱ : صرف سننے اور پڑھنے پر توجہ
فرق نمبر – ۲ : نماز سے ابتداء
فرق نمبر۔ ۳ : الفاظ معانی پر زیادہ توجہ
فرق نمبر۔ ۴ : صَرْف پر زیادہ زور، نَحْو پر کم

گرامر: هُوَ، هُمْ، أَنْتَ، أَنْتُمْ، أَنَا، نَحْنُ یہ چھ الفاظ قرآن کریم میں ۱۲۹۵ بار آئے ہیں، ان کی TPI کے طریقے سے اچھی طرح پریکٹس کر لیجیے. یہ طریقہ نیچے بتایا جارہا ہے.

۱. جب آپ هُو (وہ) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے دائیں جانب اشارہ کریں، گویا "وہ شخص" آپ کی دائیں جانب بیٹھا ہوا ہے۔ پھر جب آپ هُم (وہ سب) کہیں تو چاروں انگلیوں سے دائیں جانب اشارہ کریں۔

۲. جب آپ أنْتَ (آپ) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے سامنے کی جانب بیٹھے ہوئے شخص کی طرف اشارہ کریں۔ پھر جب آپ أَنْتُمْ (آپ سب) کہیں تو چاروں انگلیوں سے سامنے (سارے طلباء کی جانب) اشارہ کریں۔ اگر کلاس چل رہی ہو تو استاد طالب علم کی طرف اور طالب علم استاد کی طرف اشارہ کرے)۔

۳. جب آپ أنَا (میں) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے خود کی جانب اشارہ کریں۔ پھر جب آپ نَحْنُ (ہم) کہیں تو چاروں انگلیوں سے خود کی جانب اشارہ کریں۔

1295 بار

Detached / Personal Pronouns ضمیریں		Number عدد	Person
وہ	هُوَ	sr. واحد	۳rd غائب
وہ سب	هُمْ	pl. جمع	
آپ	أَنْتَ	sr. واحد	۲nd حاضر
آپ سب	أَنْتُمْ	pl. جمع	
میں	أَنَا	sr. واحد	۱st متکلّم
ہم	نَحْنُ	pl. جمع dl. مثنیٰ	

سبق- ۲: سورۃالفاتحہ (آیات : ۱-۴)

أَعُوذُ	بِاللهِ	مِنَ الشَّيْطَانِ	الرَّجِيمِ ۞
میں پناہ میں آتا ہوں	اللہ کی	شیطان سے	جو مردود ہے
***** ***** ***** ***** سورۃالفاتحہ آیات ۱-۴ ***** ***** ***** *****			
بِسْمِ	اللهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيمِ(۱)
نام سے	اللہ کے	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے
أَلْحَمْدُ	لِلهِ	رَبِّ	الْعَالَمِينَ (۲)
تمام تعریفیں	اللہ کے لیے	رب ہے	تمام جہانوں کا

الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيمِ (۳)	مٰلِكِ	يَوْمِ	الدِّينِ (۴)
بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے	مالک ہے	دن	بدلہ کا

میں پناہ میں آتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے،
اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے،
بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے.
بدلہ کے دن کا مالک ہے۔

گرامر: جمع بنانے کاایک قاعدہ یہ ہے کہ الفاظ کے سامنے "ون، یا "ین، لگایئے.

Person	No.	Personal Pronouns (Masculine) ضمیر (مثالوں کے ساتھ)	
۳rd غائب	واحد .sr	هُوَ مُسْلِم	وہ ایک مسلمان ہے
	جمع .pl	هُمْ مُسْلِمُون	وہ سب مسلمان ہیں
۲nd حاضر	واحد .sr	أَنْتَ مُسْلِم	آپ ایک مسلمان ہیں
	جمع .pl	أَنْتُمْ مُسْلِمُون	آپ سب مسلمان ہیں
۱st متکلّم	واحد .sr	أَنَا مُسْلِم	میں ایک مسلمان ہوں
	جمع .pl مثنی .dl	نَحْنُ مُسْلِمُون	ہم مسلمان ہیں

مُسْلِم ← مُسْلِمُون، مُسْلِمِين
صَالِح ← صَالِحُون ، صَالِحِين
مُشْرِك← مُشْرِكُون، مُشْرِكِين

مُؤْمِن ← مُؤْمِنُون، مُؤْمِنِين
كَافِر← كَافِرُون ،كَافِرِين
مُنَافِق ← مُنَافِقُون، مُنَافِقِين

اب آپ بغیر ترجمہ کیے پریکٹس کرتے رہیے۔ ہاتھ کا اشارہ خود بتادے گا کہ آپ کی مراد کیا ہے۔ اشاروں کو استعمال کرنے کے کئی فائدوں میں سے یہ پہلا اہم فائدہ ہے۔ اس طرح سے نہ صرف سیکھنا آسان ہوگا بلکہ دلچسپ بھی۔ سات منٹ کی پریکٹس میں آپ یہ چھ الفاظ جو قرآن کریم میں ۱۲۹۵ بار آئے ہیں، اچھی طرح سیکھ لیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو پہلی بار اشارے کرنے میں جھجھک ہو مگر قرآن کے الفاظ سیکھنے میں، افعال کے مختلف صیغے اور انکے مختلف ابواب سیکھنے میں یہ طریقہ بہت کارآمد ثابت ہوگا، ان شاء اللہ۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان اشاروں کی مدد سے سکھائے جانے والے صرف اس کورس کے الفاظ قرآن کا تقریباً ۲۵% بنتے ہیں.

سبق-۳: سورۃالفاتحہ (آیات: ۵-۷)

***** ***** ***** ***** سورۃالفاتحہ آیات ۵ - ۷ ***** ***** ***** *****			
إِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَإِيَّاكَ	نَسْتَعِينُ (٥)
صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور صرف تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں
اهْدِنَا	الصِّرَاطَ		الْمُسْتَقِيمَ (٦)
ہمیں ہدایت دے	راستے کی		سیدھے
صِرَاط	الَّذِينَ	أَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ
راستہ	ان لوگوں کا	تو نے انعام کیا	ان پر
غَيْرِ	الْمَغْضُوبِ	عَلَيْهِمْ	وَلاَ الضَّآلِّينَ (٧)
نہ	غضب کیا گیا	ان پر	اور نہ / جو گمراہ ہوئے۔

ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت دے، ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا، نہ انکا جن پر غضب کیا گیا، اور نہ ان کا جو گمراہ ہوئے۔

تدبُّر اور تذکُّر کا ایک طریقہ (دیکھیے اوپر بائیں جانب دیا گیا logo)

- آیت سے دُعا نکالیے، (اس لیے کہ قرآن کی ہر آیت ہم سے کچھ مطالبہ کرتی ہے، اس کو پورا کرنے کے لیے دعا سے شروع کیجیے) ، اس کی روشنی میں (گزرے دن یا ہفتہ کا) احتساب کیجیے، اگلے دن یا ہفتہ کا پلان بنایئے اور اس بات کی تبلیغ کیجیے (بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَة)

گرامر : یہ ضمائر (--ہٗ، -- هُمْ، --كَ، --كُمْ، --ي، --نَا) قرآن پاک میں تقریباً ۱۰ ہزار بار آئے ہیں۔ چونکہ یہ ہمیشہ کسی لفظ کے ساتھ جڑ کر آتے ہیں اس لےان کو گننا مشکل ہے۔ یہ قرآن مجید کی تقریباہر لائن میں پائے جاتے ہیں۔ ان کو TPI کے ذریعے سیکھیے.

رَبّ + ...		ضمائر متصلة		No.	Person
اس کا رب	رَبُّهٗ	اس کا	--هٗ --هٖ	sr.	۳rd
ان کا رب	رَبُّهُمْ	ان کا	---هُمْ	pl.	
آپ کا رب	رَبُّكَ	آپ کا	---كَ	sr.	۲nd
آپ سب کا رب	رَبُّكُمْ	آپ سب کا	---كُمْ	pl.	
میرا رب	رَبِّي	میرا	---ي	sr.	۱st
ہمارا رب	رَبُّنَا	ہمارا	---نَا	dl., pl.	

كِتَابٌ	أَنزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اسکو	آپ کی طرف،	برکت والی ہے،
لِّيَدَّبَّرُوا	آيَاتِهِ	وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ (ص: ۲۹)
تاکہ وہ غور کریں	اسکی آیات پر	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے۔

گرامر:

Person	No.	ضمائر متصلة		
۳rd	sr.	ـهُ، ـهٖ اس کا	دِينُهُ، اس کا مذہب/طریقہ زندگی	كِتَابُهُ، اس کی کتاب
	pl.	ـــهُمْ ان کا	دِينُهُمْ ان کا مذہب/طریقہ زندگی	كِتَابُهُمْ ان کی کتاب
۲nd	sr.	ـــكَ آپ کا	دِينُكَ آپ کا مذہب/طریقہ زندگی	كِتَابُكَ آپ کی کتاب
	pl.	ـــكُمْ آپ سب کا	دِينُكُمْ آپ سب کا مذہب/طریقہ زندگی	كِتَابُكُمْ آپ سب کی کتاب
۱st	sr.	ـــي میرا	دِينِي میرا مذہب/طریقہ زندگی	كِتَابِي میری کتاب
	dl., pl.	ـــنَا ہمارا	دِينُنَا ہمارا مذہب/طریقہ زندگی	كِتَابُنَا ہماری کتاب

هِيَ وہ she، رَبُّهَا اس کا رب her Lord ، دِينُهَا اس کا دین: her way of life، كِتَابُهَا اس کا کتاب : her book

مذکر سے مؤنث اور اس کی جمع:

مُسْلِمٌ ← مُسْلِمَة ⇐ مُسْلِمَات

صَالِح ← صَالِحَة ⇐ صَالِحَات

مُشْرِك ← مُشْرِكَة ⇐ مُشْرِكَات

مُؤْمِن ← مُؤْمِنَة ⇐ مُؤْمِنَات

كَافِر ← كَافِرَة ⇐ كَافِرَات

مُنَافِق ← مُنَافِقَة ⇐ مُنَافِقَات

سبق – ۵ قرآن آسان اور بہترین کام اسکا سیکھنا

ا: وَلَقَدْ	يَسَّرْنَا	الْقُرْآنَ	لِلذِّكْرِ
اور البتہ تحقیق	ہم نے آسان کیا	قرآن کو	ذکر کے لیے
فَهَلْ		مِن مُّدَّكِرٍ (قمر: ١٧، ٢٢، ٣٢، ٤٠)	
تو کیا ہے		کوئی نصیحت حاصل کرنے والا	

ذِكْر : (ا) یاد کرنا، (۲) نصیحت حاصل کرنا

۲: خَيْرُكُمْ	مَّنْ	تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ	وَعَلَّمَهُ (بخاری)
تم میں سے بہترین وہ ہے	جو	سیکھے قرآن کو	اور سکھائے اس کو.

۳: إِنَّمَا الْأَعْمَالُ		بِالنِّيَّاتِ	(بخاری)
اعمال تو بس		نیتوں پر ہیں.	

گرامر:

لیے،...	سے، ساتھ،...	سے، بارے میں، ...	ساتھ،...	نیچے دیے گئے چار حروف جر کے معانی یاد رکھنے کے لیے ان کی مثالوں کو بھی اچھی طرح یاد رکھیے:
لَهُ	مِنْهُ	عَنْهُ	مَعَهُ	
لَهُمْ	مِنْهُمْ	عَنْهُمْ	مَعَهُمْ	لَ: لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِين،
لَكَ	مِنْكَ	عَنْكَ	مَعَكَ	مِن: أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَان،
لَكُمْ	مِنْكُمْ	عَنْكُمْ	مَعَكُمْ	عَنَ: رَضِيَ اللهُ عَنهُ، عَنِ النَّعِيم
لِي	مِنِّي	عَنِّي	مَعِي	مَعَ: إِنَّ اللهَ مَعَ الصَّابِرِين
لَنَا	مِنَّا	عَنَّا	مَعَنَا	یہ یاد رہے کہ جب یہ حرف جر، فعل، اسم فاعل یا اسم مفعول کے ساتھ آئے تو اسکے معنی بدل سکتے ہیں۔
لَهَا	مِنْهَا	عَنْهَا	مَعَهَا	

سبق – ۶ سیکھنے کی دعا اور سیکھنے کا طریقہ

(طه : ۱۱٤)	عِلْمًا	زِدْنِي	۱: رَبِّ
	علم میں	زیادہ کر مجھے	اے میرے رب

(العلق: ٤)	بِالْقَلَمِ	عَلَّمَ	۲: الَّذِي
	قلم سے	سکھایا	جس نے

(الملك: ۲)	عَمَلاً	أَحْسَنُ	۳: أَيُّكُمْ
	عمل میں	بہتر ہوگا	کون تم میں سے

گرامر:

	to, toward	on	in	with, in
	طرف	پر	میں	سے، ساتھ
نیچے دیے گئے چار حروف جر کے معانی یاد رکھنے کے لیے ان کی مثالوں کو بھی اچھی طرح یاد رکھیے:	إِلَيْهِ	عَلَيْهِ	فِيهِ	بِهِ
بِ: بِسْمِ اللهِ	إِلَيْهِمْ	عَلَيْهِمْ	فِيهِمْ	بِهِمْ
فِي: فِي سَبِيلِ اللهِ	إِلَيْكَ	عَلَيْكَ	فِيكَ	بِكَ
عَلَى: السَّلامُ عَلَيْكُمْ	إِلَيْكُمْ	عَلَيْكُمْ	فِيكُمْ	بِكُمْ
إِلَى: إِنَّا لِلهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُون	إِلَيَّ	عَلَيَّ	فِيَّ	بِي
یہ یاد رہے کہ جب یہ حرف جر، فعل، اسم فاعل یا اسم مفعول کے ساتھ آئے تو اسکے معنی بدل سکتے ہیں۔	إِلَيْنَا	عَلَيْنَا	فِينَا	بِنَا
	إِلَيْهَا	عَلَيْهَا	فِيهَا	بِهَا

سبق۔ ۷: سورۃ العصر

***** ***** ***** ***** سورۃ العصر : ***** ***** ***** *****				
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم				
وَالْعَصْرِ (۱)	إِنَّ	الْإِنسَانَ	لَفِي خُسْرٍ (۲)	إِلاَّ
قسم زمانہ کی	، بیشک	انسان	خسارے میں (ہے)۔	سوائے
الَّذِينَ	اٰمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	وَتَوَاصَوْا
(اُن کے) جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	اور ایک دوسرے کو وصیت کی
بِالْحَقِّ		وَتَوَاصَوْا		بِالصَّبْرِ (۳)
حق کی		اور ایک دوسرے کو وصیت (تلقین) کی		صبر کی۔

زمانہ کی قسم، بیشک انسان خسارے میں ہے، سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور ایک دوسرے کو حق کی وصیت کی اور صبر کی وصیت (تلقین) کی۔

گرامر:

۱. حرف جر کا ترجمہ جو فعل کے ساتھ آئے، اصل زبان اور ترجمہ کی زبان پر منحصر ہوتا ہے۔ اس کے لیے ہر زبان کا اپنا قاعدہ ہوتا ہے۔ مثلاً

آمنت باللہ   I believed in Allah;   میں اللہ پر ایمان لایا

یہ تینوں جملے تین زبانوں میں ایک ہی بات کو بیان کر رہے ہیں مگر ہر زبان میں ایک مختلف حرف جر استعمال ہوا ہے۔

۲- کبھی حرف جر کی ضرورت عربی میں پڑتی ہے مگر دوسری زبان میں نہیں!

يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللهِ	entering the religion of Allah
اِغْفِرْ لِي	Forgive me

۳- کبھی حرف جر کی ضرورت عربی میں نہیں پڑتی مگر دوسری زبان میں پڑتی ہے!

وَارْحَمْنِي	اور مجھ پر رحم فرما
قِنِي عَذَابَكَ	تیرے عذاب سے بچا

۴- حرف جر کے بدلنے سے معنی بدل جاتے ہیں: جیسے   لکڑی **سے** مارا   لکڑی **کو** مارا

get, get in, get out, get on, get off,

کون سا حرف جر کہاں آنا ہے، یہ پہلے ہی سے قرآن میں موجود ہے. کس کا ترجمہ کیا ہے؟ یہ بھی ترجموں میں موجود ہے. قرآن سے زیادہ سے زیادہ مانوس ہونے کی فکر کیجیے، ان شاء اللہ کوئی مسئلہ نہیں ہوگا۔

سبق-۸: سورۃ النصر

***** ***** ***** ***** سورۃ النصر ***** ***** ***** *****					
بِسمِ اللہ الرَّحمٰنِ الرَّحیم					
إِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللهِ	وَالْفَتْحُ (۱)		
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح		
وَرَأَيْتَ	النَّاسَ	يَدْخُلُونَ	فِي دِينِ اللهِ	أَفْوَاجًا (۲)	
اور آپ دیکھیں	لوگ	داخل ہو رہے ہیں	اللہ کے دین میں	فوج در فوج	
فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ			
پس پاکی بیان کریں	تعریف کے ساتھ	اپنے رب کی			
وَاسْتَغْفِرْهُ	إِنَّهُ	كَانَ تَوَّابًا (۳)			
اور اس سے بخشش طلب کریں،	بے شک وہ	بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے			

جب اللہ کی مدد آجائے اور فتح (ہو جائے) اور آپ دیکھیں لوگ داخل ہو رہے ہیں اللہ کے دین میں فوج در فوج، پس اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکی بیان کریں اور اس سے بخشش طلب کریں، بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

گرامر: فعل ماضی کے دیے گئے چھ صیغوں کی TPI کے پریکٹس کیجیے۔ یہ طریقہ ذیل میں دیا جارہا ہے۔

- جب آپ فَعَلَ (اس نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے دائیں جانب اشارہ کریں، گویا "وہ شخص" آپ کی دائیں جانب بیٹھا ہوا ہے۔ پھر جب آپ فَعَلُوا (انھوں نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی چاروں انگلیوں سے دائیں جانب اشارہ کریں۔
- جب آپ فَعَلْتَ (آپ نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے سامنے کی جانب بیٹھے ہوئے شخص کی طرف اشارہ کریں۔ پھر جب آپ فَعَلْتُمْ (آپ سب نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی چاروں انگلیوں سے سامنے اشارہ کریں۔ اگر کلاس چل رہی ہو تو استاد طالب علم کی طرف اور طالب علم استاد کی طرف اشارہ کرے۔
- جب آپ فَعَلْتُ (میں نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے خود کی جانب اشارہ کریں۔ پھر جب آپ فَعَلْنَا (ہم نے کیا) کہیں تو سیدھے ہاتھ کی چاروں انگلیوں سے خود کی جانب اشارہ کریں۔

Person	No.	فِعْل مَاضِي Past Tense	
۳rd	sr.	*فَعَلَ*	اس نے کیا
	pl.	*فَعَلُوا*	ان سب نے کیا
۲nd	sr.	*فَعَلْتَ*	آپ نے کیا
	pl.	*فَعَلْتُمْ*	آپ سب نے کیا
۱st	sr.	*فَعَلْتُ*	میں نے کیا
	dl., pl.	*فَعَلْنَا*	ہم نے کیا

فعل ماضی کے صیغوں کے fonts کو italics بنا دیا گیا ہے—کام ہو گیا اسلیئے اس کے الفاظ جھکا دیئے گئے۔
فعل ماضی (غائب، حاضر، یا متکلم کیلیۓ واحد، تثنیہ، جمع) کے صیغے اپنی مختلف حالتوں میں اپنے آخری حروف کو بدلتے رہتے ہیں۔ان حروف کی تبدیلی سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ فعل واحد ہے یا جمع، حاضر ہے یا متکلم وغیرہ۔
اسی بات کو آسانی سے ذہن نشین کرانے کیلیۓ تصویروں سے سمجھانے کی کوشش کیگئی ہے—اگر آپ کسی روڈ پر کھڑے ہوں تو آپکو جانے والی کار، ٹرک، یا جیپ کا صرف پچھلا حصہ نظر آتا ہے۔ پچھلے حصہ کو دیکھ کر آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ کونسی چیز تھی جو چلی گئی۔اگر آپ رن وے پر کھڑے ہوے ہوں تو اڑتے ہوے (جو چلا گیا یا گویا ماضی ہو گیا) ہوائی جہاز کا صرف پچھلا حصہ نظر آے گا جس کی دم پر یہ تبدیلیاں (-، وا، تَ، تُمْ، تُ، نَا) بتائی گئی ہیں۔

– وْا تَ تُمْ تُ نَا .

سبق- ۹: سورۃ الاخلاص

******************* سورۃالاِخلاص : *******************				
بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم				
قُلۡ	ھُوَ	اللّٰہُ	أَحَدٌ (۱)	اَللّٰہُ
کہہ دیجیے	وہ	اللہ	ایک ہے	اللہ
الصَّمَدُ (۲)		لَمۡ یَلِدۡ		وَلَمۡ یُولَدۡ (۳)
بے نیاز		نہ اس نے (کسی کو) جنا		اور نہ وہ جنا گیا
وَ لَمۡ یَکُن	لَّہٗ	کُفُوًا	أَحَدٌ (۴)	
اور نہیں ہے	اس کا	ہمسر	کوئی	

کہہ دیجیے وہ اللہ ایک ہے،
اللہ بے نیاز ہے،
نہ اس نے (کسی کو) جنا اور
نہ وہ جنا گیا،
اور اس کا کوئی ہمسر نہیں۔

گرامر: **فعل مضارع کی TPI کے ساتھ پریکٹس کیجیے** جیسا آپ نے فعل ماضی کے وقت کیا تھا۔ البتہ یہ فرق ملحوظ رکھا جائے کہ فعل مضارع کی پریکٹس کرتے وقت ہاتھ کے اشارے سر کی سطح پر ہوں اور آواز اونچی ہو۔ (فعل ماضی کی پریکٹس کرتے وقت ہاتھ کے اشارے سینے کی سطح پر ہوں اور آواز دھیمی ہو)۔
فعل ماضی کے جھکے ہوئے fonts کے برخلاف فعل مضارع کے صیغوں کو سیدھا (upright) رکھا گیا ہے، گویا یہ کام ہو رہا ہے یا ہونے والا ہے۔
فعل مضارع کے صیغوں کی خاصیت: فعل ماضی کے برخلاف فعل مضارع میں صیغوں میں اہم تبدیلی سامنے کے الفاظ میں ہوتی ہے (سوائے اختتامی کلمات –ون، --ان، --ین کے)۔ ان تبدیلیوں (ی، تَ، اِ، نَ) کو اترتے ہوئے (گویا حاضر یا مستقبل) جہاز کی نوک پر بتایا گیا ہے۔ یہ دونوں تصویریں مبتدئین کے ذہن میں اس بات کو بٹھانے کے لیے دکھائی گئی ہیں کہ فعل ماضی کے صیغوں کی دم بدلتی رہتی ہے اور فعل مضارع کے صیغوں کا منہ۔

Imperfect tense فعْل مُضَارِع		No.	Person
وہ کرتا ہے	يَفْعَلُ	sr.	۳rd
وہ کرتے ہیں	يَفْعَلُونَ	pl.	
آپ کرتے ہیں	تَفْعَلُ	sr.	۲nd
آپ سب کرتے ہیں	تَفْعَلُونَ	pl.	
میں کرتا ہوں	أَفْعَلُ	sr.	۱st
ہم کرتے ہیں	نَفْعَلُ	dl., pl.	

سبق- ۱۰: سورة الفلق

کہد یجیے، میں پناہ میں آتا ہوں صبح کے رب کی، اس کے شر سے جو اس نے پیدا کیا، اور اندھیرے کے شر سے جب وہ چھا جائے، اور گرہوں میں پھونکیں مارنے والیوں کے شر سے ، اور شر سے حسد کرنے والے کے جب وہ حسد کرے۔

***** ***** ***** ***** سورة الفلق : ***** ***** ***** *****				
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ				
قُلْ	أَعُوذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ (۱)	مِن شَرِّ
کہد یجیے،	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	صبح کے،	شر سے
مَا	خَلَقَ (۲)	وَمِن شَرِّ	غَاسِقٍ	إِذَا
(اس کے) جو	اس نے پیدا کیا	اور شر سے	اندھیرے کے	جب
وَقَبَ (۳)	وَمِن شَرِّ	النَّفَّاثَاتِ	فِي الْعُقَدِ (۴)	
چھا جائے،	اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں	
وَمِن شَرِّ	حَاسِدٍ	إِذَا حَسَدَ (۵)		
اور شر سے	حسد کرنے والے کے	جب وہ حسد کرے۔		

گرامر: فعل ماضی اور فعل مضارع کی TPI کے ساتھ پریکٹس کیجیے _ فعل ماضی کی پریکٹس کرتے وقت ہاتھ کے اشارے سینے کی سطح پر ہوں اور آواز دھیمی ہو اور فعل مضارع کی پریکٹس کرتے وقت ہاتھ کے اشارے سر کی سطح پر ہوں اور آواز اونچی ہو۔

Imperfect tense	فِعْل مُضَارِع		Past Tense	فِعْل مَاضِي	No	Person
وہ کرتا ہے	يَفْعَلُ		اس نے کیا	فَعَلَ	sr.	۳rd
وہ کرتے ہیں	يَفْعَلُونَ		ن سب نے کیا	فَعَلُوا	pl.	
آپ کرتے ہیں	تَفْعَلُ		آپ نے کیا	فَعَلْتَ	sr.	۲nd
آپ سب کرتے ہیں	تَفْعَلُونَ		آپ سب نے کیا	فَعَلْتُمْ	pl.	
میں کرتا ہوں	أَفْعَلُ		میں نے کیا	فَعَلْتُ	sr.	۱st
ہم کرتے ہیں	نَفْعَلُ		ہم نے کیا	فَعَلْنَا	dl., pl.	

سبق- ۱۱: سورۃالنّاس

*************** سورۃالنّاس : ***************					
بِسمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم					
قُلْ	أَعُوذُ	بِرَبِّ	النَّاسِ (١)	مَلِكِ	النَّاسِ (٢)
کہد یجیے،	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	لوگ	بادشاہ	لوگ
إِلٰـــهِ النَّاسِ (٣)		مِن شَرِّ		الْوَسْوَاسِ	
لوگوں کے معبود		شر سے،		وسوسہ ڈالنے والے،	
الْخَنَّاسِ (٤)		الَّذِي		يُوَسْوِسُ	
چھپ چھپ کر حملہ کرنے والے کے،		جو		وسوسہ ڈالتا ہے	
فِي صُدُورِ		النَّاسِ (٥)		مِنَ الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ (٦)
دلوں میں		لوگوں کے،		جنوں میں سے	اور انسان

کہد یجیے، میں پناہ میں آتا ہوں لوگوں کے رب کی، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی، وسوسہ ڈالنے والے، چھپ چھپ کر حملہ کرنے والے کے شر سے، جو وسوسہ ڈالتا ہے لوگوں کے دلوں میں، جنوں میں سے اور انسانوں میں سے۔

گرامر: فعل کے ساتھ ضمائر، مفعول بہ (objects) بن جاتے ہیں. ایک فعل کے ساتھ مثال دیکھیے:

Person	No.	ضَمائر مُتَّصِلَة (فعل کے ساتھ)		خَلَقَ + ... اس (اللہ) نے پیدا کیا	
۳rd	sr.	ـــهُ ـــهٖ	اس کو	خَلَقَهُ	پیدا کیا اس کو
	pl.	ـــهُمْ ـــهِمْ	ان کو	خَلَقَهُمْ	پیدا کیا ان کو
۲nd	sr.	ـــكَ	آپ کو	خَلَقَكَ	پیدا کیا آپ کو
	pl.	ـــكُمْ	آپ سب کو	خَلَقَكُمْ	پیدا کیا آپ سب کو
۱st	sr.	ـــنِي ***	مجھ کو	خَلَقَنِي	پیدا کیا مجھ کو
	dl., pl.	ـــنَا	ہم کو	خَلَقَنَا	پیدا کیا ہم کو

اِمر و نہی کی TPI کے ساتھ پریکٹس کیجیے۔

- اِفْعَـــلْ کہتے وقت تشہد کی انگلی سے سامنے کی جانب اس طرح (ہاتھ کو تھوڑا اوپر سے نیچے کی طرف لاتے ہوئے) اشارہ کریں گویا آپ سامنے والے کو حکم دے رہے ہوں۔ اِفعَلُوا کے لیے یہی اشارہ چاروں انگلیوں سے کیا جائے۔
- لاَ تَفْعَلْ کہتے وقت تشہد کی انگلی سے سامنے کی جانب اس طرح (ہاتھ کو بائیں سے دائیں جانب لاتے ہوئے) اشارہ کریں گویا آپ سامنے والے کو منع کر رہے ہوں۔ لاَ تَفعَلُوا کے لیے یہی اشارہ چاروں انگلیوں سے کیا جائے۔

أَمْر Imperative		نَهْي Negative Imperative	
اِفْعَلْ	کر	لاَ تَفْعَلْ	مت کر
اِفْعَلُوا	کرو	لاَ تَفْعَلُوا	مت کرو

سبق- ۱۲: سورۃ الکافرون

*********************سورۃ الکافرون : *****************					
قُلْ	يَآأَيُّهَا	الْكَافِرُونَ (۱)	لاَ أَعْبُدُ	مَا	تَعْبُدُونَ (۲)
کہد یجئے	اے	کافرو!	نہیں میں عبادت کرتا	جس کی	تم عبادت کرتے ہو
وَلاَ أَنتُمْ		عَابِدُونَ		مَآ	أَعْبُدُ (۳)
اور نہ تم		عبادت کرنے والے ہو		جس کی	میں عبادت کرتا ہوں
وَلاَ أَنَا		عَابِدٌ		مَّا	عَبَدتُّمْ (۴)
اور نہ میں		عبادت کرنے والا		جس کی	تم نے عبادت کی،
وَلاَ أَنتُمْ		عَابِدُونَ		مَآ	أَعْبُدُ (۵)
اور نہ تم		عبادت کرنے والے		جس کی	میں عبادت کرتا ہوں۔
لَكُمْ		دِينُكُمْ		وَلِيَ	دِينِ (٦)
تمہارے لئے		تمہارادین		اور میرے لئے	میرادین

کہد یجئے۔اے کافرو! میں عبادت نہیں کرتا جس کی تم عبادت کرتے ہو۔اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو اس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں، اور نہ میں عبادت کرنے والا ہوں جسکی تم عبادت کرتے ہو، اور نہ تم عبادت کرنے والے جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین۔

گرامر: ایک زمانے میں مسلمان ساری دنیا کو علم، ہنر, اور ٹکنالوجی دینے والے ہوتے تھے، کرنے والے ہوتے تھے. فاعل (کرنے والا) کہتے وقت سیدھے ہاتھ سے دینے کا اشارہ کیجیے. لینے والا ہاتھ وہ ہے جس کی مدد کی گئ، اس پر اثر پڑا، مفعول (جس پر اثر پڑا) کہتے ہوئے لینے والے ہاتھ کا اشارہ کیجیے. اور آخر میں فعل (کام کا نام، کام کرنا) کہتے وقت ہاتھ کی مٹھی بنا کر قوت کا اشارہ کیجیے. یہ سارے اشارے ایک نئے آدمی کے لیے کچھ عجیب سے لگتے ہیں مگر یاد رکھنے کی خاطر ان اشاروں سے کام لیجیے. زبان سیکھنے کے لیے اپنے سارے وجود کو (Total physical interaction) جتنا استعمال کریں گے، اتنا ہی فائدہ ہوگا. ان شاء اللہ آپ خود دیکھیں گے کہ اس طریقے سے کس طرح آسانی سے یہ سارے الفاظ یاد ہو جاتے ہیں.

فَاعِل کرنے والا (**جمع: فَاعِلُون، فَاعِلِين**) **مَفْعُول** وہ جس پر اثر پڑا (**جمع: مَفْعُولُون، مَفْعُولِين**)

فِعْل کرنا، کام کا نام Verbal noun (vn.)

فَعَلَ 105 کے ان ۲۱ صیغوں کی (آخری دو صیغے واحد مؤنث کے ہیں)، پریکٹس کیجیے جو نیچے دیے گئے ہیں. ان میں دو اسماء (فاعل اور مفعول) اور مصدر یعنی کام کا نام (فعل) بھی دیا گیا ہے. **105** کا عدد یہ بتانے کے لیے ہے کہ قرآن مجید میں یہ فعل اپنی مختلف صورتوں میں **105** بار آیا ہے۔

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
فَعَلَ فَعَلُوا	يَفْعَلُ يَفْعَلُونَ			هِيَ فَعَلَتْ	هِيَ تَفْعَل
فَعَلْتَ فَعَلْتُمْ	تَفْعَلُ تَفْعَلُونَ	اِفْعَلْ اِفْعَلُوا	لاَ تَفْعَلْ لاَ تَفْعَلُوا		
فَعَلْتُ فَعَلْنَا	أَفْعَلُ نَفْعَلُ	فَاعِل، مَفْعُول فِعْل			

مؤنث کے صیغوں کے لیے اشارہ کے طور پر، بائیں ہاتھ کا استعمال کیجیے. یاد رکھیے کہ دائیں ہاتھ کا استعمال ہم نے مذکر کے اشاروں کے لیے کیا تھا. مقصد صرف سکھانا ہے نہ کہ مؤنث کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک۔ یہ بھی یاد رہے کہ قرآن میں واحد مؤنث کا صیغہ دوسرے مؤنث کے صیغوں کے مقابلے میں زیادہ استعمال ہوا ہے۔

(**هِيَ** وہ she، **رَبُّهَا** اس کا رب her Lord ، **فَعَلَتْ** اس نے کیا she did، **تَفْعَلُ** وہ کرتی ہے she does)

سبق-۱۳ : وضو (نماز کے اذکار)

***** وضو سے پہلے کی دعا: بِسْمِ اللهِ *****					
***** وضو کے بعد کی دعا *****					
أَشْهَدُ	أَنْ	لاَّ	إِلٰــــهَ	إِلاَّ	اللهُ
میں گواہی دیتا ہوں	کہ	نہیں ہے	کوئی معبود	سوائے	اللہ کے
وَحْدَه‘	لاَ شَرِيكَ	لَه‘	وَأَشْهَدُ		أَنَّ
وہ اکیلا ہے،	نہیں کوئی شریک	اس کا،	اور میں گواہی دیتا ہوں		کہ
مُحَمَّدًا	عَبْدُه‘	وَرَسُولُه‘	اَللّٰهُمَّ		اجْعَلْنِي
محمد ﷺ	اسکے بندے	اور اسکے رسول ہیں۔	اے اللہ		بنا دے مجھے
مِنَ التَّوَّابِينَ		وَاجْعَلْنِي		مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ	
خوب توبہ کرنے والوں (میں) سے		اور بنادے مجھے		پاک صاف رہنے والوں (میں) سے۔	

میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی (حقیقی) معبود نہیں ہے سوائے اللہ کے وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں۔اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اسکے بندے اور اسکے رسول ہیں۔اے اللہ بنا دے مجھے خوب توبہ کرنے والوں میں سے، اور بنادے مجھے پاک صاف رہنے والوں میں۔سے۔

گرامر: نیچے دیے گئے ۲۱ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے. آخری دو صیغے واحد مؤنث کے ہیں. ۲۹ کا عدد یہ بتانے کے لیے ہے کہ قرآن مجید میں یہ فعل اپنی مختلف صورتوں میں ۲۹ بار آیا ہے۔ قوسین کا 1a فعل کی قسم (باب فتح) کو بتاتا ہے. (فَتَحَ: اس نے کھولا، جَعَلَ: اس نے بنایا)

فَتَحَ ۲۹ (a) فَتَحَ: اس نے کھولا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
فَتَحَ فَتَحُوا	يَفْتَحُ يَفْتَحُونَ			هِيَ فَتَحَتْ	هِيَ تَفْتَح
فَتَحْتَ فَتَحْتُمْ	تَفْتَحُ تَفْتَحُونَ	اِفْتَحْ اِفْتَحُوا	لاَ تَفْتَحْ لاَ تَفْتَحُوا		
فَتَحْتُ فَتَحْنَا	أَفْتَحُ نَفْتَحُ	فَاتِح، مَفْتُوح فَتْح			

جَعَلَ ۳٤٦ (a) جَعَلَ: اس نے بنایا

جِعْل مَاضِي	جِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
جَعَلَ جَعَلُوا	يَجْعَلُ يَجْعَلُونَ			هِيَ جَعَلَتْ	هِيَ تَجْعَل
جَعَلْتَ جَعَلْتُمْ	تَجْعَلُ تَجْعَلُونَ	اِجْعَلْ اِجْعَلُوا	لاَ تَجْعَلْ لاَ تَجْعَلُوا		
جَعَلْتُ جَعَلْنَا	أَجْعَلُ نَجْعَلُ	جَاعِل، مَجْعُول جَعْل			

سبق۔ ۱۴: إقامت (نماز کے اذکار)

****************** اقامت ******************	
اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ ۝	أَشْهَدُ أَنْ لاَّ إِلٰــــهَ إِلاَّ اللّٰهُ ۝
للہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔	میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے
أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ ۝	
میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔	
حَيَّ عَلَى الصَّلَوٰةِ ۝	حَيَّ عَلَى الْفَلاَحِ ۝
آؤ طرف نماز کے۔	آؤطرف کامیابی کی۔
قَدْ قَامَتِ الصَّلَوٰةُ ۝	قَدْ قَامَتِ الصَّلَوٰةُ ۝
تحقیق (یقینا) کھڑی ہو گئی نماز	تحقیق (یقینا) کھڑی ہو گئی نماز
اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ ۝	لاَ إِلٰــــهَ إِلاَّ اللّٰهُ
اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے	نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے

اللہ سب سے بڑا ہے۔ للہ سب سے بڑا ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی حقیقی معبود نہیں ہے سوائے اللہ کے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔
آؤ نماز کی طرف۔آؤ کامیابی کی طرف۔
تحقیق (یقینا) کھڑی ہو گئی نماز،
(یقینا) کھڑی ہو گئی نماز،
اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے

گرامر: نیچے دیے گئے ۱۲ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے. اس سے پہلے آپ نے فَتَحَ، يَفْتَحُ، اِفْتَحْ (یعنی باب فتَحَ 1a) کے افعال سیکھے۔یہ باب نَصَرَ b ہے۔بنیادی گردان وہی فَعَلَ کی ہے، فرق صرف زبر، زیر، پیش کا ہے۔یہاں نَصَرَ، يَنْصُرُ، اُنْصَر کے بجائے نَصَرَ، يَنْصُرُ، اُنْصُر ہے، یعنی ص پر زبر کے بجائے پیش ہے۔ **عربی افعال زیادہ تر اسی وزن پر آتے ہیں**.

نَصَرَ ۹۲ (b) **نَصَرَ**: اس نے مدد کی

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
نَصَرَ نَصَرُوا	يَنْصُرُ يَنْصُرُونَ			هِيَ نَصَرَتْ	هِيَ تَنْصُرُ
نَصَرْتَ نَصَرْتُمْ	تَنْصُرُ تَنْصُرُونَ	اُنْصُرْ اُنْصُرُوا	لاَ تَنْصُرْ لاَ تَنْصُرُوا		
نَصَرْتُ نَصَرْنَا	أَنْصُرُ نَنْصُرُ	نَاصِر، مَنْصُور نَصْر			

خَلَقَ ۲۴۸ (b) ، **خَلَقَ**: اس نے پیدا کیا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
خَلَقَ خَلَقُوا	يَخْلُقُ يَخْلُقُونَ			هِيَ خَلَقَتْ	هِيَ تَخْلُقُ
خَلَقْتَ خَلَقْتُمْ	تَخْلُقُ تَخْلُقُونَ	اُخْلُقْ اُخْلُقُوا	لاَ تَخْلُقْ لاَ تَخْلُقُوا		
خَلَقْتُ خَلَقْنَا	أَخْلُقُ نَخْلُقُ	خَالِق، مَخْلُوق خَلْق			

سبق- ۱۵: ثناء، رکوع، سجود (نماز کے اذکار)

******************* ثناء *******************					
سُبْحَانَكَ	اللّٰهُمَّ	وَبِحَمْدِكَ		وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ
پاک ہے تو	اے اللہ	اور تعریف ہے تیرے لئے		اور برکت والا ہے	تیرا نام
وَتَعَالَىٰ جَدُّكَ		وَلَآ إِلٰـــهَ		غَيْرُكَ	
اور بلند و بالا ہے تیری بزرگی		اور نہیں کوئی معبود		سوائے تیرے	

اے اللہ تو پاک ہے اور تیرے ہی لئے تعریف ہے اور تیرا نام برکت والا ہے۔ اور تیری بزرگی بلند و بالا ہے۔ اور تیرے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں۔

***** ***** ***** ***** رکوع کے اذکار ***** ***** ***** *****					
سُبْحَانَ	رَبِّيَ	الْعَظِيم ۞	سَمِعَ اللهُ		لِمَنْ
پاک ہے	میرا رب	عظمت والا۔	سن لی اللہ نے		اس کی جس نے
حَمِدَهُ ۞		رَبَّنَا	وَلَكَ		الْحَمْدُ
تعریف کی اس کی		اے ہمارے رب	تیرے ہی لئے		ہر قسم کی تعریف ہے۔
***** ***** ***** ****** سجدہ کے اذکار ***** ***** ***** ***** *****					
سُبْحَانَ		رَبِّيَ		الْأَعْلَىٰ ۞	
پاک ہے		میرا رب		سب سے بلند	

میرا رب پاک ہے عظمت والا ہے۔ سن لی اللہ نے جس نے اس کی تعریف کی۔ اے ہمارے رب تیرے ہی لئے ہر قسم کی تعریف ہے۔

میرا رب پاک ہے جو سب سے بلند ہے۔

گرامر: ، نیچے دیے گئے ۲۱ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے. آخری دو صیغے واحد مؤنث کے ہیں.

كَفَرَ ٤٦١ (1a) (کَفَرَ: اس نے انکار کیا، ناشکری کی)

		نَهْي	أَمْر	فِعْل مُضَارِع	فِعْل مَاضِي
هِيَ تَكْفُرُ	هِيَ كَفَرَتْ			يَكْفُرُ يَكْفُرُونَ	كَفَرَ كَفَرُوا
		لَا تَكْفُرْ لَا تَكْفُرُوا	اُكْفُرْ اُكْفُرُوا	تَكْفُرُ تَكْفُرُونَ	كَفَرْتَ كَفَرْتُمْ
		كَافِر، مَكْفُور كُفْر		أَكْفُرُ نَكْفُرُ	كَفَرْتُ كَفَرْنَا

ذَكَرَ ١٦٣ (b) (ذَکَرَ: اس نے یاد کیا)

		نَهْي	أَمْر	فِعْل مُضَارِع	فِعْل مَاضِي
هِيَ تَذْكُرُ	هِيَ ذَكَرَتْ			يَذْكُرُ يَذْكُرُونَ	ذَكَرَ ذَكَرُوا
		لَا تَذْكُرْ لَا تَذْكُرُوا	اُذْكُرْ اُذْكُرُوا	تَذْكُرُ تَذْكُرُونَ	ذَكَرْتَ ذَكَرْتُمْ
		ذَاكِر، مَذْكُور ذِكْر		أَذْكُرُ نَذْكُرُ	ذَكَرْتُ ذَكَرْنَا

سبق۔ ۱۶: تشہّد

سبھی قولی، بدنی اور مالی عبادتیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں۔
سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔
میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی (حقیقی) معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اسکے بندے اور اسکے رسول ہیں۔

***** ***** ***** تشہّد ***** ***** ***** *****				
اَلتَّحِيَّاتُ	لِلّٰهِ	وَالصَّلَوَاتُ	وَالطَّيِّبَاتُ	
سبھی قولی عبادتیں	اللہ ہی کے لیے ہیں	اور سبھی بدنی عبادتیں	اور سبھی مالی عبادتیں	
اَلسَّلَامُ	عَلَيْكَ	أَيُّهَاالنَّبِيُّ	وَرَحْمَتُ اللهِ	وَبَرَكَاتُه'
سلام ہو	آپ پر	اے نبی	اور اللہ کی رحمت	اور برکتیں ہوں اسکی
اَلسَّلَامُ	عَلَيْنَا	وَعَلٰى	عِبَادِ اللهِ	الصَّالِحِينَ
سلام ہو	ہم پر	اور اوپر	اللہ کے بندوں	نیک
أَشْهَدُ أَنْ	لَآ إِلٰـــهَ	إِلاَّ اللهُ		
میں گواہی دیتا ہوں کہ	نہیں کوئی معبود	سوائے اللہ کے،		
وَأَشْهَدُ أَنَّ	مُحَمَّدًا	عَبْدُه'	وَرَسُولُه'	
اور میں گواہی دیتا ہوں کہ	محمد ﷺ	اسکے بندے	اور اسکے رسول (ہیں)	

گرامر: نیچے دیے گئے ۱۲ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے۔ آخری دو صیغے واحد مؤنث کے ہیں۔

رَزَقَ ۱۲۲ (b) اس نے رزق دیا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
رَزَقَ رَزَقُوا	يَرْزُقُ يَرْزُقُونَ			هِيَ رَزَقَتْ	هِيَ تَرْزُقُ
رَزَقْتَ رَزَقْتُمْ	تَرْزُقُ تَرْزُقُونَ	اُرْزُقْ اُرْزُقُوا	لاَ تَرْزُقْ لاَ تَرْزُقُوا		
رَزَقْتُ رَزَقْنَا	أَرْزُقُ نَرْزُقُ	رَازِق، مَرْزُوق رِزْق			

دَخَلَ ۷۸ (b) وہ داخل ہوا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
دَخَلَ دَخَلُوا	يَدْخُلُ يَدْخُلُونَ			هِيَ دَخَلَتْ	هِيَ تَدْخُلُ
دَخَلْتَ دَخَلْتُمْ	تَدْخُلُ تَدْخُلُونَ	اُدْخُلْ اُدْخُلُوا	لاَ تَدْخُلْ لاَ تَدْخُلُوا		
دَخَلْتُ دَخَلْنَا	أَدْخُلُ نَدْخُلُ	دَاخِل، مَدْخُول دُخُول			

عَبَدَ ١٤٣ (b)

اس نے عبادت کی

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
عَبَدَ عَبَدُوا	يَعْبُدُ يَعْبُدُونَ			هِيَ عَبُدَتْ	هِيَ تَعْبُدُ
عَبَدْتَ عَبَدْتُم	تَعْبُدُ تَعْبُدُونَ	اُعْبُدْ اُعْبُدُوا	لاَ تَعْبُدْ لاَ تَعْبُدُوا		
عَبَدْتُ عَبَدْنَا	أَعْبُدُ نَعْبُدُ	عَابِد، مَعْبُود عِبَادَة			

سبق- ۱۷: درود (نماز کے اذکار)

***** ***** ***** درود ***** ***** *****					
اَللّٰهُمَّ	صَلِّ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى	اٰلِ مُحَمَّدٍ	
اے اللہ	درود (رحمت) بھیج	محمد ﷺ پر	اور اوپر	محمد ﷺ کی آل کے	
كَمَا صَلَّيْتَ	عَلٰى إِبْرَاهِيمَ	وَعَلٰى	اٰلِ	إِبْرَاهِيمَ	
جیسے بھیجی رحمت تو نے	ابراہیمؑ پر	اور اوپر	آل	ابراہیمؑ کی	
إِنَّكَ	حَمِيدٌ	مَّجِيدٌ			
بے شک تو ہے	تعریف کے قابل	بزرگی والا			

اے اللہ محمد ﷺ پر اور محمد ﷺ کی ا ٰل پر درود (رحمت) بھیج جیسے تو نے ابراہیمؑ پر اور ابراہیمؑ کی ا ٰل پر رحمت بھیجی۔ بے شک تو تعریف کے قابل ہے بزرگی والا ہے ۔

گرامر: نیچے دیے گئے ۱۲۱ہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے. آخری دو صیغے واحد مؤنث کے ہیں. بنیادی گردان وہی **فَعَلَ** کی ہے،فرق صرف زبر، زیر یا پیش کا ہے۔مثلاً یہاں **ضَرَبَ، يَضْرَبُ، اِضْرَبْ** کے بجائے **ضَرَبَ، يَضْرِبُ، اِضْرِبْ** ہےاور **ظَلَمَ, يَظْلَمُ، اظْلَمْ** کے بجائے **ظَلَمَ, يَظْلِمُ، اِظْلِمْ** ہے۔

ضَرَبَ 58 (1c) (ضَرَبَ: اس نے مارا، ضَرَبَ مثلاً: اس نے مثال دی)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
ضَرَبَ ضَرَبُوا	يَضْرِبُ يَضْرِبُونَ			هِيَ ضَرَبَتْ	هِيَ تَضْرِبُ
ضَرَبْتَ ضَرَبْتُمْ	تَضْرِبُ تَضْرِبُونَ	اِضْرِبْ اِضْرِبُوا	لاَ تَضْرِبْ لاَ تَضْرِبُوا		
ضَرَبْتُ ضَرَبْنَا	أَضْرِبُ نَضْرِبُ	ضَارِب، مَضْرُوب ضَرْب			

ظَلَمَ 266 (1c) (ظَلَمَ: اس نے ظلم کیا،)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
ظَلَمَ ظَلَمُوا	يَظْلِمُ يَظْلِمُونَ			هِيَ ظَلَمَتْ	هِيَ تَظْلِمُ
ظَلَمْتَ ظَلَمْتُمْ	تَظْلِمُ تَظْلِمُونَ	اِظْلِمْ اِظْلِمُوا	لاَ تَظْلِمْ لاَ تَظْلِمُوا		
ظَلَمْتُ ظَلَمْنَا	أَظْلِمُ نَظْلِمُ	ظَالِم، مَظْلُوم ظُلْم			

***** ***** ***** درود ***** ***** *****					
اَللّٰهُمَّ	بَارِكْ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى	اٰلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	برکت عطافرما	محمد ﷺ پر	اور اوپر	آل	محمد ﷺ کی
كَمَا	بَارَكْتَ	عَلٰى إِبْرَاهِيمَ	وَعَلٰى اٰلِ		إِبْرَاهِيمَ
جیسے	تونے برکت عطا کی۔	ابراہیمؑ پر	اور آل پر		ابراہیمؑ کی
إِنَّكَ		حَمِيدٌ			مَّجِيدٌ
بے شک تو		تعریف کے قابل			بزرگی والا

اے اللہ محمد ﷺ پر اور محمد ﷺ کی اٰل پر برکت عطا فرما جیسے تو نے ابراہیمؑ پر اور ابراہیمؑ کی اٰل پر برکت عطا کی۔ بے شک تو تعریف کے قابل بزرگی والا ہے

گرامر:

نیچے دیے گئے ۱۲ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے۔ آخری دو صیغے واحد مؤنث کے ہیں۔ بنیادی گردان وہی فَعَلَ کی ہے، فرق صرف زبر، زیر یا پیش کا ہے۔ یاد رہے کہ یہ باب ضَرَبَ کے نمونے پر آنے والے افعال ہیں۔

صَبَرَ ۵۳ (1c) (صَبَرَ: اس نے صبر کیا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
صَبَرَ صَبَرُوا	يَصْبِرُ يَصْبِرُونَ			هِيَ صَبَرَتْ	هِيَ تَصْبِرُ
صَبَرْتَ صَبَرْتُم	تَصْبِرُ تَصْبِرُونَ	اِصْبِرْ اِصْبِرُوا	لاَ تَصْبِرْ لاَ تَصْبِرُوا		
صَبَرْتُ صَبَرْنَا	أَصْبِرُ نَصْبِرُ		صَابِر، – صَبْر		

غَفَرَ ۹۵ (1c) (غَفَرَ: اس نے بخشش کی)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
غَفَرَ غَفَرُوا	يَغْفِرُ يَغْفِرُونَ			هِيَ غَفَرَتْ	هِيَ تَغْفِرُ
غَفَرْتَ غَفَرْتُم	تَغْفِرُ تَغْفِرُونَ	اغْفِرْ اغْفِرُوا	لاَ تَغْفِرْ لاَ تَغْفِرُوا		
غَفَرْتُ غَفَرْنَا	أَغْفِرُ نَغْفِرُ		غَافِر، مَغْفُور مَغْفِرَة		

سبق- ۱۹: درود کے بعد (نماز کے اذکار)

اے اللہ بے شک میں نے اپنی جان پر بہت زیادہ ظلم کیا ہے۔اور تیرے سوا (کوئی بھی) گناہوں کو نہیں بخش سکتا، بس مجھ کو بخش دے اپنی خاص بخشش سے اور مجھ پر رحم فرما۔ بے شک تو ہی بخشنے والا بے حد رحم والا ہے۔

***** ***** ***** درود کے بعد کی دعاء ***** ***** *****				
ظُلْمًا كَثِيرًا	نَفْسِي	ظَلَمْتُ	إِنِّي	اَللّٰهُمَّ
ظلم بہت زیادہ	اپنی جان پر	(میں نے) ظلم کیا	بے شک میں	اے اللہ
إِلاَّ أَنْتَ	الذُّنُوبَ	يَغْفِرُ	وَلاَ	
سوائے تیرے	گناہوں کو	بخش سکتا	اور نہیں	
وَارْحَمْنِي	مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ	فَاغْفِرْ لِي		
اور مجھ پر رحم فرما	اپنی خاص بخشش سے	بس بخش دے مجھ کو		
الرَّحِيمُ	الْغَفُورُ	إِنَّكَ أَنْتَ		
بے حد رحم والا ہے۔	بخشنے والا	بے شک تو ہی		

گرامر: نیچے دیے گئے ۲۱ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے۔ بنیادی گردان وہی **فَعَلَ** کی ہے، فرق صرف زبر، زیر یا پیش کا ہے۔مثلاً یہاں **سَمَعَ، يَسْمَعُ، اِسْمَعْ** کے بجائے **سَمِعَ، يَسْمَعُ، اِسْمَعْ** ہے اسی طرح **عَلِمَ، يَعْلَمُ، اِعْلَمْ** اور **عَمِلَ، يَعْمَلُ، اِعْمَلْ** آتے ہیں۔

سَمِعَ 100 (d) (**سَمِعَ**: اس نے سنا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
سَمِعَ سَمِعُوا	يَسْمَعُ يَسْمَعُونَ			سَمِعَتْ	تَسْمَعُ
سَمِعْتَ سَمِعْتُمْ	تَسْمَعُ تَسْمَعُونَ	اِسْمَعْ اِسْمَعُوا	لاَ تَسْمَعْ لاَ تَسْمَعُوا		
سَمِعْتُ سَمِعْنَا	أَسْمَعُ نَسْمَعُ	سَامِع، مَسْمُوع سَمْع			

عَلِمَ 518 (d) (**عَلِمَ**: اس نے جانا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
عَلِمَ عَلِمُوا	يَعْلَمُ يَعْلَمُونَ			عَلِمَتْ	تَعْلَمُ
عَلِمْتَ عَلِمْتُمْ	تَعْلَمُ تَعْلَمُونَ	اِعْلَمْ اِعْلَمُوا	لاَ تَعْلَمْ لاَ تَعْلَمُوا		
عَلِمْتُ عَلِمْنَا	أَعْلَمُ نَعْلَمُ	عَالِم، مَعْلُوم عِلْم			

سبق- ۲۰: دعائیں

اے اللہ میں تیرے ہی نام سے مرتا اور جیتا ہوں۔

ہر قسم کی تعریف اور شکر اللہ ہی کے لئے ہے جس نے ہم کو زندہ کیا، ہم کو موت دینے کے بعد، اور اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔

***** سونے کے وقت کی دعاء *****			
وَأَحْيَا	أَمُوتُ	بِاسْمِكَ	اَللّٰهُمَّ
اور میں جیتا ہوں	میں مرتا ہوں	تیرے نام سے	اے اللہ
***** نیند سے جاگنے پر *****			
أَحْيَانَا	الَّذِي	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	
زندہ کیا ہم کو	جس نے	تعریف و شکر اللہ کے لیے	
النُّشُورُ	وَإِلَيْهِ	أَمَاتَنَا	بَعْدَ مَا
اٹھ کر جانا ہے۔	اور اسی کی طرف	موت دینے کے ہم کو	بعد

گرامر: اور کے نیچے دیے گئے ۲۱ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے۔ بنیادی گردان وہی **فَعَلَ** کی ہے، فرق صرف زبر، زیر یا پیش کا ہے۔ مثلاً یہاں **سَمِعَ، يَسْمَعُ، اِسْمَعْ** کے بجائے **سَمِعَ، يَسْمَعُ، اِسْمَعْ** ہے اسی طرح **عَلِمَ، يَعْلَمُ، اِعْلَمْ** اور **عَمِلَ، يَعْمَلُ، اِعْمَلْ** آتے ہیں۔

عَمِلَ 318 (d) **(عَمِلَ**: اس نے عمل کی)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
عَمِلَ عَمِلُوا	يَعْمَلُ يَعْمَلُونَ			عَمِلَتْ	تَعْمَلُ
عَمِلْتَ عَمِلْتُمْ	تَعْمَلُ تَعْمَلُونَ	اِعْمَلْ اِعْمَلُوا	لاَ تَعْمَلْ لاَ تَعْمَلُوا		
عَمِلْتُ عَمِلْنَا	أَعْمَلُ نَعْمَلُ				

عَامِل مَعْمُول
عَمَل

رَحِمَ ۱۴۸ (d) **رَحِمَ**: اس نے رحم کیا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
رَحِمَ رَحِمُوا	يَرْحَمُ يَرْحَمُونَ			رَحِمَتْ	تَرْحَمُ
رَحِمْتَ رَحِمْتُم	تَرْحَمُ تَرْحَمُونَ	اِرْحَمْ اِرْحَمُوا	لاَ تَرْحَمْ لاَ تَرْحَمُوا		
رَحِمْتُ رَحِمْنَا	أَرْحَمُ نَرْحَمُ				

مَرْحُوم رَاحِم
رَحْمَة

سبق-۲۱: دعائیں

***** کھانا شروع کرتے وقت : **بِسْمِ اللّٰهِ** ***** یا اگر شروع میں کہنا بھول جائے تو کہے		
وَاٰخِرِهٖ	**فِي أَوَّلِهٖ**	**بِسْمِ اللّٰهِ**
اور اسکے آخر میں۔	اسکے شروع میں	اللہ کے نام سے
***** کھانا کھانے کے بعد *****		
أَطْعَمَنَا	**الَّذِي**	**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ**
کھلایا ہمیں	جس نے	تعریف وشکر اللہ کے لیے
مِنَ الْمُسْلِمِينَ	**وَجَعَلَنَا**	**وَسَقَانَا**
اسلام لانے والوں میں سے	اور بنایا ہمیں	اور پلایا ہمیں

اللہ کے نام سے

اللہ کے نام سے اسکے شروع میں اور اس کے آخر میں

سب تعریف اور شکر اللہ کے لے ہے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا (یعنی اپنا فرماں

گرامر: نیچے دیے گئے ۲۱ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے . آج ہم ان افعال کو سیکھیں گے جن کے مادہ کا دوسرا حرف، حرف علت weak letter ہو یعنی واؤ، یاء، الف میں سے کوئی ایک حرف ہو۔ بس اتنا یاد رکھ لیجیے کہ یہ تین حروف اتنے کمزور ہیں کہ ان میں سے کوئی ایک بھی فعل میں آجائے تو پورے صیغوں میں نہیں رہ پاتا، بہت جلد تھک جاتا ہے۔ اس لیے یا تو غائب ہو جاتا ہے یا پھر کسی دوسرے حرف علت کو بھیج دیتا ہے! اتنی بات یاد رہے تو کافی ہے۔ جیسے قَالَ (دوسرا حرف الف ہے)، يَقُولُ (یہاں واؤ ہے)، قُلْ (یہاں غائب)، قِيلَ (یہاں یاء ہے)۔

یہ بھی یاد رہے کہ یہ افعال چھ ابواب کے تحت بلکہ عام طور پر چار اہم ابواب (فَتَحَ a، نَصَرَ b، ضَرَبَ c، سَمِعَ d) کے نمونوں پر آتے ہیں۔ اب تک آپ کو یہ چاروں ابواب کے صیغے اچھی طرح یاد ہو گئے ہوں گے۔ اس لیے پریشانی کی بات ہی نہیں۔

قَالَ 1719 (i) (قَالَ: اس نے کہا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
قَالَ قَالُوا	يَقُولُ يَقُولُونَ			هِيَ قَالَتْ	هِيَ تَقُولُ
قُلْتَ قُلْتُمْ	تَقُولُ تَقُولُونَ	قُلْ قُولُوا	لاَ تَقُلْ لاَ تَقُولُوا		
قُلْتُ قُلْنَا	أَقُولُ نَقُولُ	قَائِل مَقُول قَوْل			

سبق- ۲۲: قرآنی دعائیں

***** ***** ***** *****قرآنی دعائیں***** ***** ***** *****		
رَبِّ	زِدْنِي	عِلْمًا (۲۰:۱۱۴)
ائے میرے رب	زیادہ کر مجھے	علم میں

رَبَّنَآ	اٰتِنَا	فِي الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَّفِي الْاٰخِرَةِ
ائے ہمارے رب	ہمیں دے	دنیا میں	بھلائی	اور آخرت میں

حَسَنَةً	وَّقِنَا	عَذَابَ	النَّارِ(۲:۲۰۱)
بھلائی	اور ہمیں بچا	عذاب	آگ (دوزخ)

اے میرے رب مجھے اور زیادہ علم دے۔___

اے ہمارے رب ! ہمیں دے دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی، اور دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔--------

گرامر: نیچے دیے گئے ۱۲۱ہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے . آج ہم ان افعال کو سیکھیں گے جن کے مادہ کا دوسرا حرف، حرف علت weak letter ہو یعنی واؤ، یاء، الف میں سے کوئی ایک حرف ہو۔

كَانَ ۱۳٦۱ (i) (كَانَ: وہ تھا، يَكُونُ: وہ ہے یا ہوگا، كُنْ: ہو جا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
كَانَ كَانُوا	يَكُونُ يَكُونُونَ			كَانَتْ	تَكُونُ
كُنْتَ كُنْتُمْ	تَكُونُ تَكُونُونَ	كُنْ كُونُوا	لاَ تكُنْ لاَ تَكُونُوا		
كُنْتُ كُنَّا	أَكُونُ نَكُونُ	كَائِن، – كَوْن			

قَامَ ۵۵ (i) (قَامَ: وہ کھڑا ہوا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
قَامَ قَامُوا	يَقُومُ يَقُومُونَ			قَامَتْ	تَقُومُ
قُمْتَ قُمْتُمْ	تَقُومُ تَقُومُونَ	قُمْ قُومُوا	لاَ تَقُمْ لاَ تَقُومُوا		
قُمْتُ قُمْنَا	أَقُومُ نَقُومُ	قَائِم، – قِيَام			

سبق- ۲۳: متفرقات-۱

۱. وَمَا	أَرْسَلْنَاكَ	إلاَّ	رَحْمَةً	لِّلْعَالَمِينَ
اور نہیں	ہم نے بھیجا آپ کو	مگر	رحمت بنا کر	جہانوں کے لیے
اللّٰهُ الَّذِي	خَلَقَكُمْ	ثُمَّ رَزَقَكُمْ	ثُمَّ يُمِيتُكُمْ	ثُمَّ يُحْيِيكُم
اللہ ہے جس نے	پیدا کیا تم کو	پھر رزق دیا تم کو	پھر موت دیگا تم کو	پھر زندگی دیگا تم کو
إنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الصَّابِرِين.	
بے شک	اللہ	ساتھ (ہے)	صبر کرنے واوں کے.	
وَاللّٰهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ		
اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا ہے		

گرامر: نیچے دیے گئے صیغوں کی پریکٹس کیجیے. ان افعال کا آخری حرف، حرف علت ہے. **دَعَا** 197 (j) (**دَعَا**: اس نے پکارا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
دَعَا دَعَوْا	يَدْعُو يَدْعُونَ			دَعَتْ	تَدْعُو
دَعَوْتَ دَعَوْتُمْ	تَدْعُو تَدْعُونَ	اُدْعُ اُدْعُوا	لاَ تَدْعُ لاَ تَدْعُوا		
دَعَوْتُ دَعَوْنَا	أَدْعُو نَدْعُو	دَاعٍ، مَدْعُوٌّ دُعَاء			

شَاءَ ۲۷۷ (j) (شَاءَ: اس نے چاہا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
شَاءَ شَاءُوا	يَشَاءُ يَشَاءُونَ	باقی کے صیغوں کا قرآن مجید میں استعمال نہیں		شَاءَتْ	تَشَاءُ
شِئْتَ شِئْتُمْ	تَشَاءُ تَشَاءُونَ				
شِئْتُ شِئْنَا	أَشَاءُ نَشَاءُ				

جَاءَ ۲۳۶ (j) (جَاءَ: وہ آیا): اس فعل کے صرف ماضی کے صیغے قرآن مجید میں آئے ہیں.

جَاءَ، جَاءُوا، جِئْتَ، جِئْتُمْ، جِئْتُ، جِئْنَا، ------، (جَاءَتْ، -)

سبق- ۲۴: متفرقات-۲

يُسَبِّحُ	لِلَّهِ	مَا	فِي السَّمَاوَاتِ	وَمَا	فِي الْأَرْضِ
تسبیح کرتا ہے	اللہ کے لیے	جو (کچھ)	آسمانوں میں	اور جو کچھ	زمین میں ہے
يقَوْمِ	اعْبُدُوا اللهَ	مَا	لَكُمْ	مِّن إِلهٍ	غَيْرُه
اے میری قوم	عبادت کرو اللہ کی،	نہیں ہے	تمہارے لیے	کوئی معبود	سوا اس کے
وَجَاهِدُوا	بِأَمْوَالِكُمْ	وَأَنفُسِكُمْ	فِي سَبِيلِ اللّٰهِ		
اور جہاد کرو	تمہارے مالوں سے	اور تمہاری جانوں سے	اللہ کے راستے میں		

گرامر: یہ چھ الفاظ قرآن پاک میں ۲۲۸۶ بار آئے ہیں : **هٰذَا، هٰؤُلآءِ، ذٰلِكَ، أُولٰئِكَ، الَّذِي، الَّذِينَ**۔ نیچے تفصیلی ٹیبل دیا گیا ہے، مگر اس میں سے زیادہ آنے والے الفاظ یہی چھ ہیں۔ اس سبق میں ان چھ الفاظ کو سمجھتے ہوئے TPI کے ذریعے اس طرح پریکٹس کیجیے:

هٰذَا، هٰؤُلآءِ کہتے وقت ایک انگلی اور چاروں انگلیوں سے نیچے کتابوں کی طرف اشارہ کیجیے۔ **ذٰلِكَ، أُولٰئِكَ** کہتے وقت ایک انگلی اور چاروں انگلیوں سے (نہ دائیں جانب کی طرف جو کہ **هُوَ، هُمْ** کا ہے اور نہ سامنے کی طرف جو کہ **أَنْتَ، أَنْتُمْ** کا ہے بلکہ دونوں کے بیچ میں) اشارہ کیجیے۔ **الَّذِي، الَّذِينَ** تو آپ جانتے ہی ہیں۔ ۵ منٹ کی یہ پریکٹس آپ کو ۲۲۸۶ بار آنے والے الفاظ کو اچھی طرح یاد کروادے گی۔

اسمائے إشارہ اور موصولہ Demonstrative and Relative Pronouns	
هٰذَا	یہ
هٰؤُلآءِ	یہ سب
ذٰلِكَ	وہ
أُولـٰـئِكَ	وہ سب
الَّذِي	وہ جو
الَّذِينَ	وہ سب جو

سبق- ۲۵: متفرقات-۳

إِنَّا	لِلّٰهِ	وَإِنَّا	إِلَيْهِ	رَاجِعُونَ.
بے شک ہم	اللہ ہی کے لیے ہیں	اور بے شک ہم	اسی کی طرف	لوٹ کر جانے والے ہیں
لَوْ	تَفْتَحُ	عَمَلُ الشَّيْطَانِ.		
اگر (کی بات)	کھولتی ہے	شیطان کے عمل (کا دروازہ)		
الصَّلَاةُ	خَيْرٌ	مِّنَ النَّوْمِ		
نماز	بہتر ہے	نیند سے		
السَّلَامُ	عَلَيْكُمْ	رَضِيَ اللهُ	عَنْهُ	رَضِيَ اللهُ عَنْهَا
سلامتی ہو	آپ پر	راضی ہو اللہ	ان سے	راضی ہو اللہ ان سے
كَمْ	فُلُوس	عِندَكَ؟	كَمْ	هٰذَا؟
کتنے	پیسے ہیں	آپ کے پاس؟	کتنے (میں ہے)	یہ (سامان)
مَلَكُ الْمَوْتِ	مَن رَّبُّكَ	مَا دِينُكَ؟	كَيْفَ	الْحَالُ؟
فرشتہ موت کا	کون ہے تیرا رب؟	کیا ہے دین تیرا؟	کیا	حال ہے؟
إِنْ	شَاءَ	اللهُ		
اگر	چاہے	اللہ ۔		

سبق ــ ۲۶ سورۃ الفیل

اگر آپ مل کر پڑھ رہے ہوں تو کوئی ایک فرد آیت یا اس کا ایک ٹکڑا پڑھ کر ایک ایک عربی لفظ پڑھے اور سارے لوگ اس کا ترجمہ کریں یا پھر ہر ایک اس کو باری باری سے 3SP کے انداز میں پڑھے۔ بار بار پڑھیے 11 منٹ تک یا سب کو اچھی طرح یاد ہو جانے تک۔

کیا آپ نے نہیں دیکھا آپ کے رب نے کیا سلوک کیا ہاتھی والوں کے ساتھ ؟ کیا انکا داؤ نہیں کر دیا گمراہی میں (بیکار) ؟ اور ان پر جھنڈ کے جھنڈ پرندے بھیجے جو ان پر کنکریاں پھینکتے تھے سنگ گل کی۔ پس ان کو کھائے ہوئے بھوسے کی مانند کر دیا۔

************************* سورة الفيل : بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ *************************

أَ لَمۡ	تَرَ	كَيۡفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِأَصۡحَابِ الۡفِيلِ (١)
کیا نہیں	آپ نے دیکھا	کیا، کیسا	کیا	آپ کا رب	ہاتھی والوں کے ساتھ ؟

أَلَمۡ	يَجۡعَلۡ	كَيۡدَهُمۡ	فِي تَضۡلِيلٍ (٢)	وَّأَرۡسَلَ
کیا نہیں	کر دیا	ان کا داؤ	گمراہی میں (بیکار) ؟	اور بھیجے

عَلَيۡهِمۡ	طَيۡرًا	أَبَابِيلَ (٣)	تَرۡمِيهِمۡ	بِحِجَارَةٍ
ان پر	پرندے	جھنڈ کے جھنڈ،	پھینکتے تھے ان پر	کنکریاں

مِّن سِجِّيلٍ (٤)	فَجَعَلَهُمۡ	كَعَصۡفٍ	مَّأۡكُولٍ (٥)
سنگ گل کی۔	پس ان کو کر دیا	بھوسے کی طرح	کھائے ہوئے

. گرامر : وَجَدَ 124 اور وَعَدَ 107 کے صیغے بنانا سیکھیے .

TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتائیے...)

یاد رہے کہ ہم تین حروف والے فعل VT-1 کے چھ اہم ابواب میں سے چار اہم ابواب (فَتَحَ 1a ، نَصَرَ 1b ، ضَرَبَ 1c ، سَمِعَ 1d) کے کچھ خاص حالتوں (special cases) والے افعال سیکھ رہے ہیں۔ یہ وہ افعال ہیں جن کے مادہ کا پہلا حرف، حرف علت weak letter ہو یعنی واؤ، یاء، الف میں سے کوئی ایک حرف ہے۔ بس اتنا یاد رکھ لیجیے کہ یہ تین حروف اتنے کمزور ہیں کہ ان میں سے کوئی ایک بھی فعل میں آجائے تو پورے صیغوں میں نہیں رہ پاتا، بہت جلد تھک جاتا ہے۔اس لیے یا تو غائب ہو جاتا ہے یا پھر کسی دوسرے حرف علت کو بھیج دیتا ہے! جیسے وَجَدَ کے مضارع یَجِدُ میں واؤ غائب ہو گیا۔

وَجَدَ 124 (h)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
وَجَدَ وَجَدُوا	يَجِدُ يَجِدُونَ			وَجَدَتْ ..	تَجِدُ ..
وَجَدْتَ وَجَدْتُمْ	تَجِدُ تَجِدُونَ	جِدْ جِدُوا	لاَ تَجِدْ لاَ تَجِدُوا		
وَجَدْتُ وَجَدْنَا	أَجِدُ نَجِدُ				

وَاجِدٌ،مَوْجُود،
وُجُود

وَعَدَ 107 (h)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
وَعَدَ وَعَدُوا	يَعِدُ يَعِدُونَ			وَعَدَتْ ..	تَعِدُ ..
وَعَدْتَ وَعَدْتُمْ	تَعِدُ تَعِدُونَ	عِدْ عِدُوا	لاَ تَعِدْ لاَ تَعِدُوا		
وَعَدْتُ وَعَدْنَا	أَعِدُ نَعِدُ				

وَاعِدٌ،مَوْعُود،
وَعْد

سبق ۔۲۷ سورۃ قریش

اگر آپ مل کر پڑھ رہے ہوں تو کوئی ایک فرد آیت یا اس کا ایک ٹکڑا پڑھ کر ایک ایک عربی لفظ پڑھے اور سارے لوگ اس کا ترجمہ کریں یا پھر ہر ایک اس کو باری باری سے 3SP کے انداز میں پڑھے۔ بار بار پڑھیے 11 منٹ تک یا سب کو اچھی طرح یاد ہو جانے تک۔

قریش کو مانوس کرنے کے سبب، انہیں سردی اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب، پس چاہیے کہ وہ عبادت کریں اس گھر کے رب کی، جس نے انھیں کھانا دیا بھوک میں، اور امن دیا خوف میں۔

************************************ سورۃ قریش : بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ************************************					
لِإِيلَافِ	قُرَيْشٍ (1)	إِيلَافِهِمْ	رِحْلَةَ		
مانوس کرنے کے سبب	قریش (کو)	انکو مانوس کرنا	سفر		
الشِّتَآءِ	وَالصَّيْفِ (2)	فَلْيَعْبُدُوا	رَبَّ	هٰذَا	الْبَيْتِ (3)
سردی	اور گرمی	پس چاہیے وہ عبادت کریں	رب کی	اس	گھر کے
الَّذِي	أَطْعَمَهُم	مِّن جُوعٍ	وَّآمَنَهُم	مِّنْ خَوْفٍ (4)	
جو۔ جس	انھیں کھانا دیا	بھوک سے	اور انھیں امن دیا	خوف میں۔	

. گرامر : تَابَ[٧٢] ، مَاتَ[٩٣] اور زَادَ[٥١] کے صیغے بنانا سیکھیے .

TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتایئے...)

یاد رہے کہ ہم تین حروف والے فعل VT-1 کے چھ اہم ابواب میں سے چار اہم ابواب (فَتَحَ 1a ، نَصَرَ 1b ، ضَرَبَ 1c ، سَمِعَ 1d) کے کچھ خاص حالتوں (special cases) والے افعال سیکھ رہے ہیں۔ یہ وہ افعال ہیں جن کے مادہ کا پہلا حرف، حرف علت weak letter ہو یعنی واؤ، یاء، الف میں سے کوئی ایک حرف ہے۔ بس اتنا یاد رکھ لیجیے کہ یہ تین حروف اتنے کمزور ہیں کہ ان میں سے کوئی ایک بھی فعل میں آجائے تو پورے صیغوں میں نہیں رہ پاتا، بہت جلد تھک جاتا ہے۔ اس لیے یا تو غائب ہو جاتا ہے یا پھر کسی دوسرے حرف علت کو بھیج دیتا ہے!

تَابَ۷۲ (i) تَابَ: وہ لوٹا، اس نے توبہ کی

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
تَابَ تَابُوا	يَتُوبُ يَتُوبُونَ			تَابَتْ ..	تَتُوبُ ..
تُبْتَ تُبْتُمْ	تَتُوبُ تَتُوبُونَ	تُبْ تُوبُوا	لاَ تَتُبْ لاَ تَتُوبُوا		
تُبْتُ تُبْنَا	أَتُوبُ نَتُوبُ	تَائِب، ــ تَوْبَة			

مَاتَ 93 (i) مَاتَ: وہ مرگیا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
مَاتَ مَاتُوا	يَمُوتُ يَمُوتُونَ			مَاتَتْ ..	تَمُوتُ ..
مِتَّ مِتُّمْ	تَمُوتُ تَمُوتُونَ	مُتْ مُوتُوا	لاَ تَمُتْ لاَ تَمُوتُوا		
مِتُّ مِتْنَا	أَمُوتُ نَمُوتُ	مَيِّت، ــ مُوْت			

زَادَ 51 (i) -اس نے زیادہ کیا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
زَادَ زَادُوا	يَزِيدُ يَزِيدُونَ			زَادَتْ ..	تَزِيدُ ..
زِدْتَّ زِدْتُّمْ	تَزِيدُ تَزِيدُونَ	زِدْ زِيدُوا	لاَ تزِدْ لاَ تَزِيدُوا		
زِدْتُّ زِدْنَا	أَزِيدُ نَزِيدُ	زَائِد، مَزِيد، زِيَادة			

سبق-۲۸ : سورۃ الماعون

<table>
<tr><td colspan="7">**** **** **** سورۃ الماعون : **** **** ****</td></tr>
<tr><td colspan="7">بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ</td></tr>
<tr><td>أَرَأَيۡتَ</td><td>الَّذِي</td><td>يُكَذِّبُ</td><td colspan="4">بِالدِّينِ (١)</td></tr>
<tr><td>کیا تم نے دیکھا</td><td>وہ جو کہ</td><td>جھٹلاتا ہے</td><td colspan="4">روز جزا سزا</td></tr>
<tr><td>فَذٰلِكَ</td><td>الَّذِي</td><td>يَدُعُّ</td><td colspan="4">الۡيَتِيمَ (٢)</td></tr>
<tr><td>یہی ہے وہ</td><td>جو کہ</td><td>دھکے دیتا ہے</td><td colspan="4">یتیم (کو)</td></tr>
<tr><td>وَلاَ يَحُضُّ</td><td>عَلَىٰ طَعَامِ</td><td>الۡمِسۡكِينِ (٣)</td><td colspan="4">فَوَيۡلٌ</td></tr>
<tr><td>اور نہیں رغبت دلاتا</td><td>کھانے پر</td><td>مسکین۔</td><td colspan="4">پس خرابی ہے</td></tr>
<tr><td>لِّلۡمُصَلِّينَ (٤)</td><td>الَّذِينَ</td><td>هُمۡ</td><td>عَن صَلاَتِهِمۡ</td><td>سَاهُونَ (٥)</td><td>الَّذِينَ</td><td>هُمۡ</td></tr>
<tr><td>نمازیوں کے لئے</td><td>جو کہ</td><td>وہ</td><td>اپنی نماز سے</td><td>غافل (جمع)</td><td>جو کہ</td><td>وہ</td></tr>
<tr><td>يُرَآءُونَ (٦)</td><td>وَيَمۡنَعُونَ</td><td colspan="5">الۡمَاعُونَ (٧)</td></tr>
<tr><td>دکھاوا کرتے ہیں</td><td>اور روکتے ہیں (نہیں دیتے)</td><td colspan="5">عام ضرورت کی چیز</td></tr>
</table>

کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو روز جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے؟ یہی ہے جو یتیم کو دھکّے دیتا ہے، اور نہیں رغبت دلاتا مسکین کو کھانا کھلانے پر۔

پس خرابی ہے ان نمازیوں کے لئے، جو اپنی نمازوں سے غافل ہیں، جو دکھاوا کرتے ہیں، اور عام ضرورت کی چیز (بھی مانگی) نہیں دیتے۔

گرامر : خَشِيَ 48 اور هَدَى 163 کے صیغے بنانا سیکھیے ۔ یہ وہ افعال ہیں جن کے مادہ کا آخری حرف، حرف علت ہے ۔ TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتائیے . . .)

خَشِيَ 48 (j) : وہ ڈرا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
خَشِيَ خَشُوْا	يَخْشَى يَخْشَوْنَ			خَشِيَتْ ..	تَخْشَى ..
خَشِيتَ خَشِيتُمْ	تَخْشَى تَخْشَوْنَ،	اِخْشَ اِخْشَوا	لاَ تَخْشَ، لاَ تَخْشَوْا		
خَشِيتُ خَشِينَا	أَخْشَى نَخْشَى	خَاشٍ – خَشِيَّة			

هَدَى 163 (j) : اس نے ہدایت دی

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
هَدَى هَدَوْا	يَهْدِي يَهْدُونَ			هَدَتْ ..	تَهْدِي ..
هَدَيْتَ هَدَيْتُمْ	تَهْدِي تَهْدُونَ	اِهْدِ اِهْدُوا	لاَ تَهْدِ لاَ تَهْدُوا		
هَدَيْتُ هَدَيْنَا	أَهْدِي نَهْدِي	هَادٍ، مَهْدِيٌّ، هُدًى،هدَايَة			

سبق۔۲۹ :سورۃاللھب

**** **** ****سورۃاللھب : **** **** ****				
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ				
تَبَّتۡ	یَدَآ	أَبِي لَهَبٍ	وَّتَبَّ ﴿۱﴾	
ٹوٹ گئے	دونوں ہاتھ	ابو لہب	اور وہ ہلاک ہوا	
مَآ	أَغۡنَىٰ عَنۡهُ	مَالُهٗ	وَمَا	كَسَبَ ﴿۲﴾
نہ	کام آیا اس کے	اس کا مال	اور جو	اس نے کمایا
سَيَصۡلَىٰ	نَارًا	ذَاتَ لَهَبٍ ﴿۳﴾		
عنقریب داخل ہوگا	آگ	شعلے والی		
وَّامۡرَأَتُهٗ	حَمَّالَةَ	الۡحَطَبِ ﴿٤﴾		
اور اسکی بیوی	لادنے والی	لکڑی (ایندھن)		
فِي	جِيدِهَا	حَبۡلٌ	مِّن	مَّسَدٍ ﴿۵﴾
میں	اسکی گردن	رسی	کی	کھجور

ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ ہلاک ہوا۔ اس کے کام نہ آیا اس کا مال اور جو اس نے کمایا۔

عنقریب داخل ہوگا شعلے مارتی ہوئی آگ میں، اور اسکی بیوی لادنے والی ایندھن، اسکی گردن میں کھجور کی چھال کی رسی ہے۔

گرامر : أَتَی 263 ، رَأَی ۲۶۹ اور أَمَرَ 232 کے صیغے بنانا سیکھیے۔ ۔آج کے دو افعال کے مادوں میں ہمزہ کے ساتھ ساتھ حروف علت بھی آئے ہیں۔ TPI. کو طریقے کو استعمال کرنا مت بھولیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتائیے...)۔

أَتَى 263 (k) : **أَتَى:** وہ آیا، **أَتَى بِ:** ساتھ آیا، لایا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
أَتَى **أَتَوْا**	**يَأْتِي** **يَأْتُونَ**			**أَتَتْ** ..	**تَأْتِي** ..
أَتَيْتَ **أَتَيْتُمْ**	**تَأْتِي** **تَأْتُونَ**	**إِيتِ** **إِيتُوا**	**لاَ تَأْتِ** **لاَ تَأْتُوا**		
أَتَيْتُ **أَتَيْنَا**	**آتِي** **نَأْتِي**		**آتٍ، مَأْتِيٌّ، إِتْيَان**		

رَأَى [249] (k) : دیکھا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
رَأَى **رَأَوْا**	**يَرَى** **يَرَوْنَ**			**رَأَتْ** ..	**تَرَى** ..
رَأَيْتَ **رَأَيْتُمْ**	**تَرَى** **تَرَوْنَ**	**مُرْ** **مُرُوا**	**لاَ تَأْمُرْ** **لاَ تَأْمُرُوا**		
رَأَيْتُ **رَأَيْنَا**	**أَرَى** **نَرَى**		**رَاءٍ، مَرْءِيٌّ، رَأْيٌ**		

أَمَرَ 232 (k) : حکم دیا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
أَمَرَ **أَمَرُوا**	**يَأْمُرُ** **يَأْمُرُونَ**			**أَمَرَتْ** ..	**تَأْمُرُ** ..
أَمَرْتَ **أَمَرْتُمْ**	**تَأْمُرُ** **تَأْمُرُونَ**	**مُرْ** **مُرُوا**	**لاَ تَأْمُرْ** **لاَ تَأْمُرُوا**		
أَمَرْتُ **أَمَرْنَا**	**آمُرُ** **نَأْمُرُ**		**آمِر، مَأْمُور، أَمْر**		

سبق ۔۳۰ : سورۃ الکوثر، نماز : اذان کے بعد کی دعا، درود کے بعد کی دعا

بے شک ہم نے آپ کو کوثر عطا کیا، پس آپ اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی دیں، بے شک آپ کا دشمن ہی نامراد ہے۔

**** **** **** سورۃ الکوثر : **** **** ****		
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ		
إِنَّآ	أَعْطَيْنَاكَ	الْكَوْثَرَ ﴿١﴾
بے شک ہم	ہم نے عطا کیا آپ کو	کوثر
فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ ﴿٢﴾
پس نماز پڑھ	اپنے رب کے لئے	اور قربانی دے

إِنَّ	شَانِئَكَ	هُوَ	الْأَبْتَرُ ﴿٣﴾
بے شک	آپ کا دشمن	وہ	دم کٹا۔ نامراد

اے اللہ اس کامل بلاوے کے اور قائم ہونے والی نماز کے رب، عطا فرما محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت اور انہیں اس مقام محمود پر پہنچا جس کا تونے ان سے وعدہ کیا ہے۔

**** **** **** اذان کے بعد کی دعا **** **** ****					
اَللّٰهُمَّ	رَبَّ	هٰذِهِ	الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ	وَ الصَّلٰوةِ	الْقَآيِمَةِ
اے اللہ	اے رب	اس	اس کامل بلاوے کے	اور نماز کے	قائم ہونے والی ،

اٰتِ	مُحَمَّدَانِ	الْوَسِيلَةَ	وَالْفَضِيلَةَ
عطا فرما	محمد ﷺ کو	وسیلہ	اور فضیلت
وَابْعَثْهُ	مَقَامًا مَّحْمُودَانِ	الَّذِي	وَعَدْتَّهٗ
اور پہنچا انہیں	مقام محمود پر	جس کا	تونے وعدہ کیا ہے ان سے۔

اے اللہ بیشک میں تیری پناہ میں آ تا ہوں قبر کے عذاب سے، اور جہنم کے عذاب سے، اور زندگی اور موت کے فتنہ سے، اور مسیح دجال کے فتنہ کے شر (برائی) سے۔

**** **** *** *درود کے بعد کی دعاء*** **** ****				
اَللّٰهُمَّ	إِنِّي	أَعُوذُ	بِكَ	مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ
اے اللہ	بیشک میں	میں پناہ میں آتا ہوں	تیری	قبر کے عذاب سے ،
وَمِنْ عَذَابِ	جَهَنَّمَ	وَمِنْ فِتْنَةِ	الْمَحْيَا	وَالْمَمَاتِ
اور عذاب سے	جہنم کے ،	اور فتنہ سے	زندگی	اور موت کے ،

وَمِنْ شَرِّ	فِتْنَةِ	الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ
اور شر (برائی) سے	فتنہ کے	مسیح دجال کے

۲. گرامر: ضَلَّ ۱۱۳ اور ظَنَّ ۶۸ کے صیغے بنانا سیکھیے۔ یاد رکھیے ان افعال کے مادّوں میں دو حرف یکساں ہیں۔

TPI کا استعمال کیجیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتایئے...)

ضَلَّ ۱۱۳ (g) : وہ گمراہ ہوا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
ضَلَّ ضَلُّوا	يَضِلُّ يَضِلُّونَ			ضَلَّتْ ..	تَضِلُّ ..
ضَلَلْتَ ضَلَلْتُمْ	تَضِلُّ تَضِلُّونَ	ضِلَّ ضِلُّوا	لاَ تَضِلَّ لاَ تَضِلُّوا		
ضَلَلْتُ ضَلَلْنَا	أَضِلُّ نَضِلُّ				

ضَالّ، —،
ضَلاَلَة

ظَنَّ ۶۸ (g) : اس نے گمان کیا، اس نے یقین کیا

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
ظَنَّ ظَنُّوا	يَظُنُّ يَظُنُّونَ			ظَنَّتْ ..	تَظُنُّ ..
ظَنَنْتَ ظَنَنْتُمْ	تَظُنُّ تَظُنُّونَ	إ ظُنَّ ظُنُّوا	لاَ تَظُنَّ لاَ تَظُنُّوا		
ظَنَنْتُ ظَنَنَّا	أَظُنُّ نَظُنُّ				

ظَانّ، —
ظَنّ،

سبق -۳۱ : نماز: سلام کے بعد کے اذکار

**** **** ****سلام پھیرنے کے بعد کے اذکار و دعائیں**** **** ****

أَسْتَغْفِرُ اللهَ	أَسْتَغْفِرُ اللهَ	أَسْتَغْفِرُ اللهَ
میں بخشش (معافی، مغفرت) چاہتا ہوں اللہ سے۔ تین بار		

میں بخشش (معافی، مغفرت) چاہتا ہوں اللہ سے۔ (تین بار)

اَللّٰهُمَّ	أَنْتَ السَّلَامُ	وَمِنْكَ	السَّلَامُ
اے اللہ	تو ہی سلامتی والا ہے	اور تیری طرف سے	سلامتی ہے۔
تَبَارَكْتَ	يَا ذَالْجَلَالِ	وَالْإِكْرَامِ ۞	
بابرکت ہے تو	اے شان والے	اور کرم والے	

اے اللہ تو ہی سلامتی والا ہے اور تیری طرف سے ہی سلامتی ہے۔ تو بابرکت ہے، اے شان و کرم والے۔

اَللّٰهُمَّ	أَعِنِّي	عَلىٰ ذِكْرِكَ	وَشُكْرِكَ	وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ۞
اے اللہ	مدد فرما میری	تیری یاد کرنے پر	اور تیرا شکر کرنے پر	اور تیری اچھی عبادت کرنے پر

اے اللہ تو میری مدد فرما تیری یاد کرنے پر اور تیرا شکر کرنے پر اور تیری اچھی عبادت کرنے پر۔

اَللّٰهُمَّ	لَا	مَانِعَ	لِمَا	أَعْطَيْتَ	وَلَا	مُعْطِيَ
اے اللہ	نہیں	روکنے والا	اس کو جو	تو عطا کرے	اور نہ	(کوئی) دینے والا
لِمَا	مَنَعْتَ	وَلَا يَنْفَعُ	ذَاالْجَدِّ	مِنْكَ الْجَدُّ		
اس کو جو	تو منع کرے	اور نہیں فائدہ دے سکتا	کسی شان والے کو	تیرے مقابل (اسکی) شان۔		

اے اللہ نہیں ہے کوئی روکنے والا اس چیز کو جو تو عطا کرے اور نہیں کوئی دینے والا اس چیز کو جو تو روک لے۔ اور کسی شان والے کو تیرے مقابل اسکی شان کوئی فائدہ نہیں دے سکتی۔

۲. گرامر : مؤنث کے صیغے بنانا سیکھیے۔

FEMININE GENDER مؤنّث

		فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي
فَعَلَ ..	يَفْعَلُ ...	فَعَلَتْ فَعَلْنَ	تَفْعَل يَفْعَلْنَ		
		فَعَلْتِ فَعَلْتُنَّ	تَفْعَلِيْنَ تَفْعَلْنَ	اِفْعَلِي اِفْعَلْنَ	لاَ تَفْعَلِي لاَ تَفْعَلْنَ
		فَعَلْتُ فَعَلْنَا	أَفْعَلُ نَفْعَلُ	فَاعِلَة ، مَفْعُولَة فَعِل	

		فِتْح مَاضِي	فِتْح مُضَارت	أمْر	نَهْي
فَتَحَ ..	يَفْتَحُ ...	فَتَحَتْ فَتَحْنَ	تَفْتَح يَفْتَحْنَ		
		فَتَحْتِ فَتَحْتُنَّ	تَفْتَحِيْنَ تَفْتَحْنَ	اِفْتَحِي اِفْتَحْنَ	لاَ تَفْتَحِي لاَ تَفْتَحْنَ
		فَتَحْتُ فَتَحْنَا	أَفْتَحُ نَفْتَحُ	فَاتِحَة ، مَفْتُوحَة فَتْح	

		نِصْر مَاضِي	نِصْر مُضَارِص	أمْر	نَهْي
نَصَرَ ..	يَنْصُرُ ...	نَصَرَتْ نَصَرْنَ	تَنْصُر يَنْصُرْنَ		
		نَصَرْتِ نَصَرْتُنَّ	تَنْصُرِيْنَ تَنْصُرْنَ	اُنْصُرِي اُنْصُرْنَ	لاَ تَنْصُرِي لاَ تَنْصُرْنَ
		نَصَرْتُ نَصَرْنَا	أَنْصُرُ نَنْصُرُ	نَاصِرَة ، مَنْصُورَة نَصْر	

		ضِرْب مَاضِي	ضِرْب مُضَارِر	أمْر	نَهْي
ضَرَبَ ..	يَضْرَبُ ...	ضَرَبَتْ ضَرَبْنَ	تَضْرِب يَضْرِبْنَ		
		ضَرَبْت ضَرَبْتُنَّ	تَضْرِبِينَ تَضْرِبْنَ	اضْرِبي اضْرِبْنَ	لاَ تَضْرِبي لاَ تَضْرِبْنَ
		ضَرَبْتُ ضَرَبْنَا	أَضْرِبُ نَضْرِبُ	ضَارِبَة، مَضْرُوبَة ضَرْب	

		فِعْل مِاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي
سَمِعَ ..	يَسْمَعُ ...	سَمِعَتْ سَمِعْنَ	تَسْمَع يَسْمَعْنَ		
		سَمِعْت سَمِعْتُنَّ	تَسْمَعِيْنَ تَسْمَعْنَ	اِسْمَعي اِسْمَعْنَ	لاَ تَسْمَعي لاَ تَسْمَعْنَ
		سَمِعْتُ سَمِعْنَا	أَسْمَعُ نَسْمَعُ	سَامِعَة ، مَسْمُوعَة سَمْع	

		فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي
قَالَ ..	يَقُولُ ...	قَالَتْ قُلْنَ	تَقُولُ يَقُلْنَ		
		قُلْت قُلْتُنَّ	تَقُولِيْنَ تَقُلْنَ	قُولي قُلْنَ	لاَ تَقُولي لاَ تَقُلْنَ
		قُلْتُ قُلْنَا	أَقُولُ نَقُولُ	قَائِلَة، مَقُولَة، قَوْل	

وَجَدَتْ، وَجَدْنَ، وَجَدْت، وَجَدْتُنَّ، وَجَدْتُ، وَجَدْنَا، تَجِدُ، يَجِدْنَ، تَجِدينَ، تَجِدْنَ ، أَجِدُ، نَجِدُ

جِدي، جِدْنَ، لاَ تَجِدي، لاَ تَجِدْنَ ، وَاجِدَة، مَوْجُودَة، وَجْد

دَعَتْ، دَعَوْنَ، دَعَوْتِ، دَعَوْتُنَّ، دَعَوْتُ، دَعَوْنَا، تَدْعُو، يَدْعُوْنَ، تَدْعِينَ، تَدْعُنَّ، أَدْعُو، نَدْعُو

اُدْعُ، اُدْعُوا، لاَ تَدْعُ، لاَ تَدْعُوا، دَاعٍ، مَدْعُوٌّ، دُعَاء، (دَعَتْ، تَدْعُو)

سبق ۔۳۲، نماز: دعائے قنوت

**** **** **** دعائے قنوت **** **** ****				
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ				
اَللّٰھُمَّ	إِنَّا	نَسْتَعِينُكَ	وَ	نَسْتَغْفِرُكَ
اے اللہ	بے شک	ہم مدد مانگتے ہیں تجھ سے	اور	ہم مغفرت مانگتے تجھ سے
وَنُؤْمِنُ	بِكَ	وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ		
اور ہم ایمان لاتے ہیں	تجھ پر	اور ہم بھروسہ کرتے ہیں تجھ پر		
وَنُثْنِي عَلَيْكَ	الْخَيْرَ	وَنَشْكُرُكَ		
اور ہم تعریف کرتے ہیں تیری	ساری بہترین (تعریف)	اور ہم شکرادا کرتے ہیں تیرا		
وَلاَ نَكْفُرُكَ	وَنَخْلَعُ	وَنَتْرُكُ		
اور نہیں ہم ناشکری کرتے تیری	اور ہم الگ کرتے ہیں	اور ہم چھوڑتے ہیں		
مَنْ	يَّفْجُرُكَ	اَللّٰھُمَّ	إِيَّاكَ	نَعْبُدُ
اسکو جو	نافرمانی کرے تیری	اے اللہ	صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں
وَلَكَ	نُصَلِّي	وَنَسْجُدُ	وَإِلَيْكَ	نَسْعٰى
اور تیرے ہی لۓ	ہم نماز پڑھتے ہیں	اور ہم سجدہ کرتے ہیں	اور تیری ہی طرف	ہم دوڑتے ہیں
وَنَحْفِدُ	وَنَرْجُو	رَحْمَتَكَ		
اور ہم خدمت کے لۓحاضر ہوتے ہیں	اور ہم امید رکھتے ہیں	تیری رحمت کی		
وَنَخْشٰى	عَذَابَكَ	إِنَّ	عَذَابَكَ	بِالْكُفَّارِ مُلْحِق
اور ہم ڈرتے ہیں	تیرے عذاب (سے)	بے شک	عذاب تیرا	کافروں کو ملنے والا ہے

اے اللہ بے شک ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور ہم تجھ سے مغفرت مانگتے ہیں۔ اور ہم تجھ پر ایمان لاتے ہیں ۔ اور ہم تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں ۔ اور ہم تیری بہترین تعریف کرتے ہیں ۔ اور ہم تیرا شکرادا کرتے ہیں ۔اور ہم تیر ی نا شکری نہیں کرتے اور ہم الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اسکو جو تیری نا فرمانی کرے۔اے اللہ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں ۔اور تیرے ہی لۓہم نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں۔ اور تیری ہی طرف ہم دوڑتے ہیں ۔اور ہم خدمت کے لۓحاضر ہو تے ہیں
اور تیری رحمت کی ہم امید رکھتے ہیں اور تیرے عذاب سے ہم ڈرتے ہیں ۔ بے شک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔

گرامر : TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتائیے...)

نیا سبق: فعل مجہول (فُعِلَ، فُعِلُوا ـــ) کی پریکٹس کیجیے۔ واضح رہے کہ امر و نہی میں مجہول کی شکل نہیں آتی۔

فِعْل مَاضِي Past Tense		فِعْل مُضَارِع Imperfect Tense	
فُعِلَ	کیا گیا	**يُفْعَلُ**	کیا جاتا ہے
فُعِلاَ		يُفْعَلاَنِ	
فُعِلُوا	کیے گئے	**يُفْعَلُونَ**	کیے جاتے ہیں
فُعِلْتَ		**تُفْعَلُ**	
فُعِلْتُمَا		تُفْعَلاَنِ	
فُعِلْتُمْ		**تُفْعَلُونَ**	
فُعِلْتُ		**أُفْعَلُ**	
فُعِلْنَا		**نُفْعَلُ**	
ـ وْا تَ تُمْ تُ نَا.		يُ تُ أُ نُ	

Passive Voice (فعلِ مَجْهُول) and Passive Participle (اسم مفعول)

Examples مثالیں	Passive voice مَجْهُول			Active voice مَعْرُوف			معنی Meanings
	اِسم مَفْعُول	مُضَارِع	مَاضِي	اِسم فَاعِل	مُضَارِع	مَاضِي	
إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْح	مَفْتُوح	يُفْتَحُ	فُتِحَ	فَاتِح	يَفْتَحُ	فَتَحَ	کھولنا
إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْح	مَنْصُور	يُنْصَرُ	نُصِرَ	نَاصِر	يَنْصُرُ	نَصَرَ	مدد کرنا
وَضَرَبَ لَنَا مَثَلاً وَنَسِيَ خَلْقَهُ قَالَ مَنْ يُحْيِي …	مَضْرُوب	يُضْرَبُ	ضُرِبَ	ضَارِب	يَضْرِبُ	ضَرَبَ	مارنا
سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَه	مَسْمُوع	يُسْمَعُ	سُمِعَ	سَامِع	يَسْمَعُ	سَمِعَ	سننا
لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ .	مَوْلُود	وُلِدَ	وُلِدَ	وَالِد	يَلِدُ	وَلَدَ	پیدا کرنا
ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ	مَسْئُول	يُسْـَٔلُ	سُئِلَ	سَائِل	يَسْـَٔلُ	سَأَلَ	سوال کرنا
فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ .	مَأْكُول	يُؤْكَلُ	أُكِلَ	آكِل	يَأْكُلُ	أَكَلَ	کھانا
اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ … أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ	مَظْلُوم	يُظْلَمُ	ظُلِمَ	ظَالِم	يَظْلِمُ	ظَلَمَ	ظلم کرنا
وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُودَانِ الَّذِي وَعَدْتَّه'	مَحْمُود	يُحْمَدُ	حُمِدَ	حَامِد	يَحْمَدُ	حَمِدَ	تعریف کرنا، شکر کرنا
غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ	مَغْضُوب	يُغْضَبُ	غُضِبَ	غَاضِب	يَغْضَبُ	غَضِبَ	غصہ کرنا
إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ …أَجْهَلَ أَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ	مَجْهُول	يُجْهَلُ	جُهِلَ	جَاهِل	يَجْهَلُ	جَهِلَ	جہالت سے پیش آنا
وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ اِنَّكَ تَقْضِيْ وَلاَ يُقْضَى عَلَيْكَ	مَقْضِيّ	يُقْضَى	قُضِيَ	قَاضٍ	يَقْضِي	قَضَى	فیصلہ کرنا
اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَضِلَّ أَوْ أُضَلَّ…	مُضَلّ	يُضَلُّ	أَضَلَّ	مُضِلّ	يُضِلُّ	أَضَلَّ	گمراہ کرنا
أَعُوذُ بِكَ أَنْ …أَزِلَّ أَوْ أُزَلَّ	مُزَلّ	يُزَلُّ	أُزِلَّ	مُزِلّ	يَزِلُّ	أَزَلَّ	پھسلانا
والَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ	مُنْزَل	يُنْزَلُ	أُنْزِلَ	مُنْزِل	يُنْزِلُ	أَنْزَلَ	اتارنا
أُتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ	مُوحَى	يُوحَي	أُوْحِيَ	مُوحٍ	يُوحِي	أَوْحَى	وحی کرنا

سبق ۔۳۳ : نماز: وتر کی ایک اور دعا

**** **** **** دعائے قنوت ایک اور دعاء **** **** ****		
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ		
اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي	فِيمَنْ	هَدَيْتَ
اے اللہ ہدایت دے مجھے	(اور شامل فرما مجھے) ان میں جن کو	تو نے ہدایت دی
وَعَافِنِي	فِيمَنْ	عَافَيْتَ
اور عافیت دے مجھے	(اور شامل فرما مجھے) ان میں جن کو	تو نے عافیت دی
وَتَوَلَّنِي	فِيمَنْ	تَوَلَّيْتَ
اور سرپرست بن میرا	(اور شامل فرما مجھے) ان میں جن کی	تو نے سرپرستی فرمائی ہے۔
وَبَارِكْ لِي	فِيمَا	أَعْطَيْتَ
اور برکت دے میرے لئے	اس میں جو	تو نے دیا ہے
وَقِنِي	شَرَّ	مَا قَضَيْتَ
اور بچا مجھے	شر سے	ان (فیصلوں) کے جو تو نے کیا ہے
إِنَّكَ تَقْضِي		وَلاَ يُقْضَىٰ عَلَيْكَ
بے شک تو فیصلہ کرتا ہے		اور تیرے خلاف کوئی فیصلہ نہیں ہو سکتا
إِنَّهُ لاَ يَذِلُّ		مَنْ وَّالَيْتَ
بے شک وہ ذلیل نہیں ہو سکتا		جسکا تو دوست بن جائے
وَلاَ يَعِزُّ		مَنْ عَادَيْتَ
اور نہیں عزت پا سکتا		وہ جس سے تو دشمنی رکھے
تَبَارَكْتَ	رَبَّنَا	وَتَعَالَيْتَ
برکت والا ہے تو	اے ہمارے رب	اور بلند ہے تو

اے اللہ تو نے جن لوگوں کو ہدایت دی ہے مجھے بھی ان میں [شامل فرما کر] ہدایت دے ۔اور تو نے جن لوگوں کو عافیت دی ہے مجھے بھی ان میں [شامل فرما کر] عافیت دے اور جن لوگوں کی تو نے سرپرستی فرمائی ہے ان لوگوں میں [شامل فرما کر] میرا بھی سرپرست بن۔ اور دوست بنالے مجھے (اور شامل فرما مجھے) ان میں جن کو تو نے دوست بنایا ہے۔ اور جو کچھ تو نے دیا ہے اس میں میرے لئے برکت دے اور تو نے جو فیصلے کئے ہیں ان کے شر سے مجھے بچا۔ بے شک تو ہی (حتمی) فیصلے کرتا ہے اور تیرے (فیصلے کے) خلاف کوئی فیصلہ نہیں ہو سکتا، بے شک جس کا تو دوست بن جائے وہ کبھی ذلیل نہیں ہو سکتا، اور جس سے تجھے دشمنی ہو جائے وہ کبھی عزت نہیں پا سکتا۔ اے ہمارے رب تو برکت والا اور بلند شان والا ہے۔

گرامر : TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتایئے...)

فَعَّلَ (DF-2)، **سَبَّحَ** (DF-2 48) کے ۲۱ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے۔

دراصل یہاں سے تین حروف والے افعال (جیسے **فَتَحَ، نَصَرَ، ضَرَبَ، سَمِعَ، ضَلَّ، وَجَدَ، قَالَ، دَعَا، أَمَرَ**) کے مزید فیہ (یعنی ان تین حروف میں کچھ مزید حروف جیسے تشدید یا الف یا "ت" وغیرہ آ جائیں) کے ابواب شروع ہوتے ہیں۔ گھبرایئے مت ! اردو میں بھی مزید فیہ کے افعال ہیں۔ ان کو پہلے سمجھ لیجیے تو عربی کے مزید فیہ کے افعال کا سمجھنا آسان ہو جائے گا۔ لفظ "نکلا" کو لیجیے جو ن۔ ک۔ ل سے بنا ہے۔ اردو میں اس کے مختلف صیغے یوں بنیں گے :

وہ نکلا، وہ نکلے، آپ نکلے، آپ سب نکلے، میں نکلا، ہم نکلے،

وہ نکلتا ہے، وہ سب نکلتے ہیں، آپ نکلتے ہیں، آپ سب نکلتے ہیں، میں نکلتے ہوں، ہم نکلتے ہیں،

نکل، نکلو، مت نکل، مت نکلو نکلنے والا، ۔ ، نکلنا (نکلی، نکلتی ہے)

لفظ نکلا میں اگر ہم الف بڑھادیں تو دیکھیے کیا ہو جاتا ہے (یہ اردو کے **فعل** "ن۔ک۔ل" کا پہلا مزید فیہ ہے) ! ! !

اس نے نکالا، انھوں نے نکالا، آپ نے نکالا، آپ سب نے نکالا، میں نے نکالا، ہم نے نکالا،

وہ نکالتا ہے، وہ سب نکالتے ہیں، آپ نکالتے ہیں، آپ سب نکالتے ہیں، میں نکالتا ہوں، ہم نکالتے ہیں،

نکال، نکالو، مت نکال، مت نکالو نکالنے والا، جسے نکالا گیا، نکالنا (اس نے نکالا، وہ نکالتی ہے)

لفظ نکلا میں اگر ہم واؤ اور الف بڑھادیں تو دیکھیے کیا ہو جاتا ہے (یہ اردو کے **فعل** "ن۔ک۔ل" کا دوسرا مزید فیہ ہے) ! ! !

اس نے نکلوایا، انھوں نے نکلوایا، آپ نے نکلوایا، آپ سب نے نکلوایا، میں نے نکلوایا، ہم نے نکلوایا،

وہ نکلواتا ہے، وہ سب نکلواتے ہیں، آپ نکلواتے ہیں، آپ سب نکلواتے ہیں، میں نکلواتا ہوں، ہم نکلواتے ہیں،

نکلوا، نکلواؤ، مت نکلواؤ، مت نکلواؤ نکلوانے والا، جسے نکلوایا گیا، نکلوانا (اس نے نکلوایا، وہ نکلواتی ہے)

اردو میں آپ نے دو مزید فیہ دیکھے۔ عربی میں **فَعَلَ** سے ۹ مزید فیہ بنتے ہیں۔ اور یہ سارے بہت آسان ہیں اور انکی گردان تقریباً ویسی ہی بنتی ہے جیسی اس سے پہلے آپ نے سیکھی۔ بس جو مزید حروف **فَعَلَ** کے اندر آ جاتے ہیں انہیں اسی طرح سارے صیغوں میں لے کر چلنا ہے (اوپر آپ نے دیکھا کہ اردو میں بھی ہم ایسا ہی کرتے ہیں)۔ جہاں تک معانی کا تعلق ہے تو جیسا فرق اردو میں "نکلا" سے "نکالا" اور "نکلوایا" میں ہو جاتا ہے ایسا ہی کچھ فرق **فَعَلَ** سے **فَعَّلَ**، **فَاعَلَ**، **أَفْعَلَ** وغیرہ میں ہو جاتا ہے۔

ان کو انگریزی میں (Derived Forms of the triliteral verb) کہا جاتا ہے اسکو ہم مختصر طور پر DF لکھیں گے۔ **فَعَّلَ** کا نمبر DF-2 ہے۔ پہلا نمبر **فَعَلَ** کے لیے مخصوص ہے اور وہ DF نہیں۔ بس یہ یاد رکھیے کہ مزید فیہ DF-2 سے لے کر **DF-10** تک ہوتے ہیں۔

ہر مزید فیہ کے باب کی ایک مثال کو اچھی طرح یاد کیجیے۔ **فَعَّلَ** کے وزن پر یہاں پر **سَبَّحَ** کے ۲۱ اہم صیغے دیے گئے ہیں، ان کو اچھی طرح یاد کر لیجیے۔ (**سَبَّحَ**: اس نے تعریف کی، پاکی بیان کی)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
سَبَّحَ سَبَّحُوا	يُسَبِّحُ يُسَبِّحُونَ			سَبَّحَتْ ..	تُسَبِّحُ ..
سَبَّحْتَ سَبَّحْتُمْ	تُسَبِّحُ تُسَبِّحُونَ	سَبِّحْ سَبِّحُوا	لاَ تُسَبِّحْ لاَ تُسَبِّحُوا		
سَبَّحْتُ سَبَّحْنَا	أُسَبِّحُ نُسَبِّحُ				

مُسَبِّح، مُسَبَّح، تَسْبِيح

سبق ۔۳۴ : سید الاستغفار

**** **** **** سید الاستغفار **** **** ****				
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم				
اَللّٰهُمَّ	أَنْتَ	رَ بِّي	لاَ إِلٰـهَ	إِلاَّ أَنْتَ
اے اللہ	تو	میرا رب ہے،	نہیں (کوئی) معبود	سوائے تیرے۔
خَلَقْتَنِي	وَأَنَا عَبْدُكَ	وَأَنَا	عَلٰى عَهْدِكَ	
تو نے پیدا کیا مجھے	اور میں بندہ ہوں تیرا	اور میں	تیرے عہد پر	
وَوَعْدِكَ	مَا اسْتَطَعْتُ	أَعُوذُ	بِكَ	
اور تیرے وعدے پر (قائم ہوں)	جتنی مجھ میں طاقت ہے۔	میں پناہ میں آتا ہوں	تیری	
مِنْ شَرِّ	مَا	صَنَعْتُ	أَبُوءُ	لَكَ
(ہر) برائی سے	جو	میں نے کی،	میں اقرار کرتا ہوں	تیرے سامنے
بِنِعْمَتِكَ	عَلَيَّ	وَأَبُوءُ	بِذَنْبِي	
تیری نعمتوں کا	(جو) مجھ پر ہیں،	اور میں اقرار کرتا ہوں	اپنے گناہوں کا	
فَاغْفِرْ لِي	فَإِنَّهٗ	لاَ يَغْفِرُ	الذُّنُوبَ	إِلاَّ أَنْتَ
لہٰذا معاف کردے مجھے	پس بے شک	نہیں معاف کر سکتا	گناہوں کو	سوائے تیرے۔

اے اللہ تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں۔ تو نے مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد پر اور وعدے پر (قائم ہوں) جتنی مجھ میں طاقت ہے۔ میں تیری پناہ میں آتا ہوں (ہر) برائی سے جو میں نے کی، میں اپنے اوپر تیری نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں، اور میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں۔ لہٰذا تو مجھے معاف کردے پس بے شک تیرے سوا کوئی بھی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا۔

**** **** ****استغفار**** **** ****		
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم		
أَسْتَغْفِرُ اللهَ	الَّذِي	لاَ إِلٰـهَ
میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں	جو (ایسا ہے کہ)	نہیں کوئی (سچا) معبود
إِلاَّ هُوَ	اَلْحَيَّ	الْقَيُّومَ
سوائے اس کے	جو زندہ ہے	جو قائم رکھنے والا ہے۔
وَأَتُوبُ	إِلَيْهِ	
اور میں لوٹتا ہوں	اس کی طرف۔	

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں جو (ایسا ہے کہ) اس کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں۔ جو زندہ ہے قائم رکھنے والا ہے۔ اور میں اس کی طرف لوٹتا ہوں (توبہ کرتا ہوں)۔

. گرامر : TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتایئے...)

كَذَّبَ ١٩٨ (DF-2) (نوٹ کیجیے : **كَذَبَ**: جھوٹ بولا، **كَذَّبَ**: جھٹلایا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
نَزَّلَ نَزَّلُوا	يُنَزِّلُ يُنَزِّلُونَ			نَزَّلَتْ ..	تُنَزِّلُ ..
نَزَّلْتَ نَزَّلْتُمْ	تُنَزِّلُ تُنَزِّلُونَ	نَزِّلْ نَزِّلُوا	لاَ تُنَزِّلْ لاَ تُنَزِّلُوا		
نَزَّلْتُ نَزَّلْنَا	أُنَزِّلُ نُنَزِّلُ	مُنَزِّل، مُنَزَّل، تَنْزِيل			

نَزَّلَ ٧٩ (DF-2) (نوٹ کیجیے : **نَزَلَ**: اترا، **نَزَّلَ**: اتارا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
كَذَّبَ كَذَّبُوا	يُكَذِّبُ يُكَذِّبُونَ			كَذَّبَتْ ..	تُكَذِّبُ ..
كَذَّبْتَ كَذَّبْتُمْ	تُكَذِّبُ تُكَذِّبُونَ	كَذِّبْ كَذِّبُوا	لاَ تُكَذِّبْ لاَ تُكَذِّبُوا		
كَذَّبْتُ كَذَّبْنَا	أُكَذِّبُ نُكَذِّبُ	مُكَذِّب، مُكَذَّب، تَكْذِيب			

سبق -۳۵ : دیگر اذکار و دعائیں : بیت الخلاء میں جاتے وقت وقت---

**** **** **** بیت الخلاء میں جاتے وقت **** **** ****			
اَللّٰهُمَّ	إِنِّي	أَعُوذُ	بِكَ
اے اللہ	بے شک میں	میں پناہ میں آتا ہوں	تیری
مِنَ الْخُبُثِ		وَالْخَبَآئِثِ	
(مرد جن) شیاطین سے		اور (عورت جن) شیاطین (سے)۔	

اے اللہ بے شک میں تیری پناہ میں آتا ہوں (مرد جن) شیاطین سے اور (عورت جن) شیاطین سے۔

**** **** **** بیت الخلاء سے نکلتے وقت **** **** ****			
غُفْرَانَكَ .	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِي
(اے اللہ) تیری مغفرت (چاہتا ہوں).	شکر ہے	اللہ کا	جس نے
أَذْهَبَ	عَنِّي	الْأَذٰى	وَعَافَانِي
دور کی	مجھ سے	تکلیف	اور عافیت بخشی مجھے۔

(اے اللہ) تیری مغفرت (چاہتا ہوں)۔ اللہ کا شکر ہے جس نے مجھ سے تکلیف دور کی اور مجھے عافیت بخشی۔

**** **** **** نیا کپڑا پہننے کی دعاء **** **** ****				
اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ الَّذِي	كَسَانِي هٰذَا	وَرَزَقَنِيهِ	
سب تعریف	اللہ کے لئے ہے جس نے	پہنایا مجھے یہ (لباس)	اور دیا مجھے اسے	
مِنْ غَيْرِ	حَوْلٍ	مِّنِّي	وَلَا	قُوَّةٍ
بغیر	(کسی) طاقت کے	میری	اور نہ	(کسی) قوت کے۔

سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے مجھے یہ (لباس) پہنایا اور اسے دیا مجھے بغیر میری (ذاتی) طاقت اور قوت کے۔

. **گرامر** : TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتائیے...)

اب ہم نے باب **فَاعَـلَ** (DF-3) کے کچھ الفاظ کی پریکٹس کریں گے۔ ہر مزید فیہ کے باب کی ایک مثال کو اچھی طرح یاد کیجیے۔ **فَاعَـلَ** کے وزن پر یہاں پر **جَاهَدَ** [۳۱] کے ۱۲اہم صیغے دیے گئے ہیں، ان کو اچھی طرح یاد کر لیجیے۔

جَاهَدَ [۳۱] (DF-3) (**جَاهَدَ**: اس نے جہاد کیا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
جَاهَدَ	يُجَاهِدُ			جَاهَدَتْ	تُجَاهِدُ
جَاهَدُوا	يُجَاهِدُونَ			..	..
جَاهَدْتَّ	تُجَاهِدُ	جَاهِدْ	لاَ تَجَاهِدْ		
جَاهَدْتُّمْ	تُجَاهِدُونَ	جَاهِدُوا	لاَ تُجَاهِدُوا		
جَاهَدْتُّ	أُجَاهِدُ	مُجَاهِدْ، مُجَاهَدْ			
جَاهَدْنَا	نُجَاهِدُ	مُجَاهَدَة			

نَادَى [۴۴] (DF-3) (**نَادَى**: اس نے پکارا، ندا دی)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
نَادَى	يُنَادِي			نَادَتْ	تُنَادِي
نَادَوْا	يُنَادُونَ			..	..
نَادَيْتَ	تُنَادِي	نَادِ	لاَ تُنَادِ		
نَادَيْتُمْ	تُنَادُونَ	نَادُوا	لاَ تُنَادُوا		
نَادَيْتُ	أُنَادِي	مُنَادٍ، مُنَادَى،			
نَادَيْنَا	نُنَادِي	مُنَادَاة			

سبق ۔٣٦ : دیگر اذکار و دعائیں: گھر سے نکلتے وقت ۔۔۔

**** **** **** گھر سے نکلتے وقت **** **** ***			
بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ			
بِسۡمِ اللهِ	تَوَكَّلۡتُ	عَلَى اللهِ	لاَ حَوۡلَ
اللہ کے نام سے	بھروسہ کیا میں نے	اللہ پر	نہیں کوئی قدرت
وَلاَ قُوَّةَ	إِلاَّ بِاللهِ .	اَللّٰهُمَّ إِنِّي	أَعُوذُ بِكَ
اور نہ طاقت	سوائے اللہ (کی توفیق) کے	اے اللہ بے شک میں	پناہ میں آتا ہوں تیری
أَنۡ أَضِلَّ	أَوۡ أُضَلَّ	أَوۡ أَزِلَّ	
کہ میں گمراہ ہو جاؤں	یا مجھے گمراہ کیا جائے	یا میں پھسل جاؤں	
أَوۡ أُزَلَّ	أَوۡ أَظۡلِمَ	أَوۡ أُظۡلَمَ	
یا مجھے پھسلایا جائے	یا میں کسی پر ظلم کروں	یا مجھ پر ظلم کیا جائے،	
أَوۡ أَجۡهَلَ	أَوۡ يُجۡهَلَ عَلَيَّ		
یا میں کسی سے جہالت سے پیش آؤں	یا مجھ سے جہالت سے پیش آیا جائے۔		

اللہ کے نام سے (نکلتا ہوں)، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، نہیں (گناہ سے بچنے کی کوئی) قدرت اور نہ (نیکی کرنے کی کوئی) طاقت سوائے اللہ کی توفیق کے، اے اللہ بے شک میں تیری پناہ میں آتا ہوں (اس بات سے) کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا مجھے گمراہ کیا جائے، یا میں پھسل جاؤں یا مجھے پھسلایا جائے، یا میں کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے، یا میں کسی سے جہالت سے پیش آؤں یا مجھ سے جہالت سے پیش آیا جائے ۔

**** **** **** گھر میں داخل ہوتے وقت **** **** ****			
اَللّٰهُمَّ	إِنِّي	أَسۡئَلُكَ	
اے اللہ	بے شک میں	میں سوال کرتا ہوں تجھ سے	
خَيۡرَ	الۡمَوۡلِجِ	وَخَيۡرَ	الۡمَخۡرَجِ
اچھے	داخلے	اور اچھے	باہر نکلنے کا،
بِسۡمِ اللهِ	وَلَجۡنَا	وَبِسۡمِ اللهِ	خَرَجۡنَا
اللہ کے نام سے	ہم داخل ہوئے	اور اللہ کے نام سے	ہم (باہر) نکلے
وَعَلَى اللهِ	رَبِّنَا	تَوَكَّلۡنَا	
اور اللہ پر	ہمارے رب	بھروسہ کیا ہم نے۔	

اے اللہ بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اچھے داخلے اور اچھے باہر نکلنے کا،

اللہ کے نام سے ہم داخل ہوئے اور اللہ کے نام سے ہم (باہر) نکلے، اور ہمارے رب اللہ پر ہم نے بھروسہ کیا۔

. گرامر : TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتائیے...)

اب ہم نے باب **أَفْعَلَ** (DF-4) کے کچھ الفاظ کی پریکٹس کریں گے ۔مزید فیہ کا یہ باب قرآن مجید میں بہت بار استعمال ہوا ہے۔ ہر مزید فیہ کے باب کی ایک مثال کو اچھی طرح یاد کیجیے۔ **أَفْعَلَ** کے وزن پر یہاں پر **أَخْرَجَ** [۱۰۸] کے ۱۲ اہم صیغے دیے گئے ہیں، ان کو اچھی طرح یاد کر لیجیے۔

أَخْرَجَ [۱۰۸] (DF-4) (نوٹ کیجیے: **خَرَجَ**: نکلا، **أَخْرَجَ**: نکالا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أَمْر	نَهْي		
أَخْرَجَ أَخْرَجُوا	يُخْرِجُ يُخْرِجُونَ			أَخْرَجَتْ ..	تُخْرِجُ ..
أَخْرَجْتَ أَخْرَجْتُمْ	تُخْرِجُ تُخْرِجُونَ	أَخْرِجْ أَخْرِجُوا	لاَ تُخْرِجْ لاَ تُخْرِجُوا		
أَخْرَجْتُ أَخْرَجْنَا	أُخْرِجُ نُخْرِجُ	مُخْرِج، مُخْرَج، إِخْرَاج			

اس کا مضارع **يُفْعِلُ** ذرا مختلف ہے اور **يَفْعَلُ** سے بہت قریب ہے لیکن معانی میں بہت بڑا فرق واقع ہو جاتا ہے، اس فرق کو اچھی طرح نوٹ کر لیجیے۔اس کے اسم فاعل کا صیغہ بھی اچھی طرح نوٹ کیجیے. **خَارِج**: نکلنے والا، وہ جو باہر ہو، **مُخْرِج**: نکالنے والا. اردو زبان میں اس وزن کے عربی کے کئی الفاظ آئے ہیں جیسے **مُسْلِم، مُؤْمِن، مُشْرِک, مُنْکِر، مُجْرِم**، وغیرہ.

فَعلَ – يَفْعَلُ – فَاعِل	أَفْعَلَ، يُفْعِلُ
خَرَجَ: وہ نکلا، **يَخْرُجُ** : وہ نکلتا ہے، **خَارِج**	**أَخْرَجَ**: اس نے نکالا، **يُخْرِجُ**: وہ نکالتا ہے، **مُخْرِج**
نَزَلَ: وہ اترا **يَنْزِلُ**: وہ اترتا ہے، **نَازِل**	**أَنْزَلَ**: اس نے اتارا، **يُنْزِلُ**: وہ اتارتا ہے، **مُنْزِل**

سبق ۔۳۷ : دیگر اذکار و دعائیں : مسجد کو جاتے۔آتے وقت

اہم نوٹ : نیچے دی گئی دعا کو TPI کا استعمال کرتے ہوئے ۳، ۴ منٹ پریکٹس کیجیے، ان شاء اللہ بالکل آسانی سے اہم اعضاء اور سارے رخ یاد ہو جائیں گے۔ اشاروں کے لیے سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی استعمال کیجیے۔ جب آپ **قَلْبِي** کہیں تو دل کی طرف اشارہ کریں، **لِسَانِي** کہیں تو زبان کی طرف اشارہ کریں، **سَمْعِي** کہیں تو کان کی طرف اشارہ کریں، **بَصَرِي** کہیں تو آنکھ کی طرف اشارہ کریں (یہاں ایک نکتہ یاد رہے کہ دل، زبان، کان اور آنکھ کی سطح ایک سے اوپر ایک ہے، نیچے سے اوپر کی طرف جاتے ہوئے)۔ اس کے بعد **مِنْ فَوْقِي** کہیں تو اوپر کی طرف اشارہ کریں، **مِنْ تَحْتِي** کہیں تو نیچے کی طرف اشارہ کریں، **عَنْ يَمِينِي** کہیں تو دائیں طرف اشارہ کریں، **عَنْ شِمَالِي** کہیں تو بائیں طرف اشارہ کریں، **مِنْ أَمَامِي** کہیں تو سامنے کی طرف اشارہ کریں، **مِنْ خَلْفِي** کہیں تو دائیں کاندھے کے اوپر سے پیچھے کی طرف اشارہ کریں، اور آخر میں **نَفْسِي** کہیں تو خود کی طرف اشارہ کریں۔ یہ بھی یاد ہو جائے گا کہ اوپر سے، نیچے سے،۔۔۔ وغیرہ کے لیے تو **من فوقي، من تحتي**،۔۔۔ آئے گا مگر صرف دائیں سے اور بائیں سے کے لیے **عن يميني** اور **عن شمالي** آئے گا، یعنی **مِنْ** کے بجائے **عَنْ** کا استعمال ہوگا۔

****** **** ****مسجد کو جاتے وقت**** ***** ******				اے اللہ پیدا کر دے میرے دل میں نور، میری زبان میں نور، میرے کانوں میں نور، اور میری آنکھوں میں نور اور میرے اوپر سے نور اور میرے نیچے سے نور اور میرے دائیں جانب سے نور اور میرے بائیں جانب سے نور، اور میرے آگے سے نور، اور میرے پیچھے سے نور اور میرے نفس میں نور پیدا کر دے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ				
اَللّٰهُمَّ	**اجْعَلْ**	**فِي قَلْبِي نُورًا**	**وَفِي لِسَانِي نُورًا**	
اے اللہ	پیدا کر دے	میرے دل میں نور	اور میری زبان میں نور	
وَفِي سَمْعِي نُورًا		**وَفِي بَصَرِي نُورًا**	**وَمِنْ فَوْقِي نُورًا**	
اور میرے کانوں میں نور		اور میری آنکھوں میں نور	اور میرے اوپر سے نور	
وَمِنْ تَحْتِي نُورًا		**وَعَنْ يَمِينِي نُورًا**	**وَعَنْ شِمَالِي نُورًا**	
اور میرے نیچے سے نور		اور میرے سیدھے جانب سے نور	اور میرے بائیں جانب سے نور	
وَمِنْ أَمَامِي نُورًا	**وَمِنْ خَلْفِي نُورًا**	**وَاجْعَلْ**	**فِي نَفْسِي نُورًا...**	
اور میرے آگے سے نور	اور میرے پیچھے سے نور	اور پیدا کر دے	میرے نفس میں نور۔	
****** **** ****مسجد میں داخل ہوتے وقت **** **** ******				اللہ کے نام سے (میں داخل ہوتا ہوں)، اور درود (رحمت) اور سلام ہو اللہ کے رسول پر۔ اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔
بِسْمِ اللّٰهِ	**وَالصَّلٰوةُ**	**وَالسَّلَامُ**	**عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ**	
اللہ کے نام سے	اور درود (رحمت)	اور سلام ہو	اللہ کے رسول پر۔	
اَللّٰهُمَّ	**افْتَحْ**	**لِي**	**أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ**	
اے اللہ	کھول دے	میرے لئے	دروازے اپنی رحمت کے	
****** **** ****مسجد سے نکلتے وقت**** **** ******				اے اللہ بے شک میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔
اَللّٰهُمَّ	**إِنِّي**	**أَسْئَلُكَ**	**مِنْ فَضْلِكَ**	
اے اللہ	بے شک میں	سوال کرتا ہوں	تیرے فضل کا	

. گرامر : TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتائیے...)

أَسْلَمَ ۷۲ (DF-4) ، (أَسْلَمَ: فرمانبرداری کی)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
أَسْلَمَ أَسْلَمُوْا	يُسْلِمُ يُسْلِمُونَ			أَسْلَمَتْ ..	تُسْلِمُ ..
أَسْلَمْتَ أَسْلَمْتُمْ	تُسْلِمُ تُسْلِمُونَ	أَسْلِمْ أَسْلِمُوا	لاَ تُسْلِمْ لاَ تُسْلِمُوا		
أَسْلَمْتُ أَسْلَمْنَا	أُسْلِمُ نُسْلِمُ	مُسْلِم، مُسْلَم، إسْلاَم			

أَشْرَكَ ۱۲۰ (DF-4) (أَشْرَكَ: شریک کیا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
أَشْرَكَ أَشْرَكُوا	يُشْرِكُ يُشْرِكُ◌ونَ			أَشْرَكَتْ ◌ ..	تُشْرِكُ ..
أَشْرَكْتَ أَشْرَكْتُمْ	تُشْرِكُ تُشْرِكُونَ	أَشْرِكْ أَشْرِكُوا	لاَ تُشْرِكْ لاَ تُشْرِكُوا		
أَشْرَكْتُ أَشْرَكْنَا	أُشْرِكُ نُشْرِكُ	مُشْرِك ، مُشْرَك شِرك			

سبق-۳۸ : دیگر اذکار و دعائیں: بازار میں داخل ہوتے وقت، بات چیت کے یا تقریر کے آخر میں، سواری میں سوار ہوتے وقت۔۔۔

**** **** **** بازار میں داخل ہوتے وقت **** **** ****				
لاَ إِلٰـهَ	إِلاَّ اللهُ	وَحْدَهٗ	لاَ شَرِيكَ	لَهٗ
نہیں کوئی معبود	سوائے اللہ کے	وہ اکیلا ہے	کوئی شریک نہیں	اس کا
لَهُ الْمُلْكُ	وَلَهُ	الْحَمْدُ ،		
اسی کیلیے بادشاہت ہے	اور اسی کیلیے	تعریف ہے،		
يُحْيِي	وَيُمِيتُ	وَهُوَ	حَيٌّ	لاَّ يَمُوتُ ،
وہ زندگی عطا کرتا ہے	اور موت دیتا ہے	اور وہ	زندہ ہے	اسے موت نہیں آتی
بِيَدِهِ	الْخَيْرُ	وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ		قَدِيرٌ
اسی کے ہاتھ میں	ساری بھلایئاں ہیں	اور وہ / پر / ہر / چیز		پوری قدرت رکھتا ہے
**** **** **** بات چیت کے یا تقریر کے آخر میں **** **** ****				
سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ	وَبِحَمْدِكَ	أَشْهَدُ أَنْ	لاَّ إِلٰـهَ	
پاک ہے تو / اے اللہ	تیری تعریف (خوبیوں) کے ساتھ ،	میں گواہی دیتا ہوں کہ	کوئی معبود نہیں	
إِلاَّ أَنْتَ	أَسْتَغْفِرُكَ	وَأَتُوبُ	إِلَيْكَ	
تیرے سوا	میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں	اور میں پلٹتا ہوں	تیری طرف۔	
**** **** ****سواری میں سوار ہوتے وقت **** **** ****				
سُبْحَانَ الَّذِي	سَخَّرَ	لَنَا هٰذَا	وَمَا كُنَّا	
پاک ہے وہ جس نے	مسخر کیا	ہمارے لئے یہ (سواری)	اور نہ تھے ہم	
لَهٗ مُقْرِنِينَ	وَإِنَّا	إِلَىٰ رَبِّنَا	لَمُنْقَلِبُونَ	
اسکو قابو میں لانے والے	اور بے شک ہم	طرف ہمارے رب کے	ضرور لوٹ کر جانے والے ہیں	

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے، اسی کے لیے بادشاہت ہے، اور اسی کے لیے تعریف ہے، وہ زندگی عطا کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہ زندہ ہے اسے موت نہیں آتی۔ اسی کے ہاتھ میں ساری بھلایئاں ہیں اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے۔

اے اللہ تو اپنی تعریف (خوبیوں) کے ساتھ پاک ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور میں پلٹتا ہوں تیری طرف۔

پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لئے مسخر کیا اور ہم نہ تھے اسکو قابو میں لانے والے۔ اور ہم بے شک اپنے رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانے والے ہیں۔

۲. گرامر: TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتایئے...)

أَنْزَلَ (DF-4)، (**نَزَلَ**: اُترا، **أَنْزَلَ**: اتارا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
أَنْزَلَ أَنْزَلُوا	يُنْزِلُ يُنْزِلُونَ			أَنْزَلَتْ ..	تُنْزِلُ ..
أَنْزَلْتَ أَنْزَلْتُمْ	تُنْزِلُ تُنْزِلُونَ	أَنْزِلْ أَنْزِلُوا	لاَ تُنْزِلْ لاَ تُنْزِلُوا		
أَنْزَلْتُ أَنْزَلْنَا	أُنْزِلُ نُنْزِلُ		مُنْزِل، مُنْزَل، إِنْزَال		

أَضَلَّ (DF-4) (**ضَلَّ**: گمراہ ہوا، **أَضَلَّ**: گمراہ کیا)

مزید فیہ کے DF-4 کی یہ مثال (**أَضَلَّ**) یہاں اس لیے دی جارہی ہے کہ اس کے اندر مادہ (ض ل ل) کے دو حروف یکساں ہیں۔

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
أَضَلَّ أَضَلُّوا	يُضِلُّ يُضِلُّونَ			أَضَلَّتْ ..	تُضِلُّ ..
أَضْلَلْتَ أَضْلَلْتُمْ	تُضِلُّ تُضِلُّونَ	أَضْلِلْ أَضْلِلُوا	لاَ تُضِلّ لاَ تُضِلُّوا		
أَضْلَلْتُ أَضْلَلْنَا	أُضِلُّ نُضِلُّ		مُضِلّ، مُضَلّ، إِضْلاَل		

سبق -۳۹ : دیگر اذکار و دعائیں: بیمار کی عیادت کے وقت

**** **** **** بیمار کے پاس پڑھنے کی دعا**** **** ****			
أَذْهِبِ	الْبَأْسَ	رَبَّ النَّاسِ	وَاشْفِ
دور فرما	تکلیف کو	اے انسانوں کے رب !	اور شفا دے،

أَنْتَ	الشَّافِي		لاَ	شِفَآءَ	إِلاَّ
تو ہی	شفا دینے والا ہے۔		نہیں	کوئی شفا	سوائے

شِفَآءُ كَ	شِفَآءً	لاَّ يُغَادِرُ	سَقَمًا
تیری دی ہوئی شفا کے،	ایسی شفا کہ	نہ چھوڑے	کوئی بیماری

اے انسانوں کے رب ! تکلیف کو دور فرما اور شفا دے، تو ہی شفا دینے والا ہے۔ نہیں کوئی شفا سوائے تیری دی ہوئی شفا کے، ایسی شفا دے کہ وہ کوئی بیماری نہ چھوڑے۔

**** **** **** بیمار کے پاس پڑھنے کی ایک اور دعا: ۷ بار پڑھے **** ****					
أَسْأَلُ	اللهَ الْعَظِيمَ		رَبَّ	الْعَرْشِ الْعَظِيمِ	أَنْ يَّشْفِيَكَ
میں سوال کرتا ہوں	عظیم اللہ سے		جو رب ہے	عرش عظیم کا	کہ وہ آپ کو شفا دے

میں عظیم اللہ سے سوال کرتا ہوں جو عرش عظیم کا رب ہے کہ وہ آپ کو شفا دے۔

**** **** **** بری خبر سننے پر یا مصیبت آپڑنے پر **** **** ****			
إِنَّا	لِلهِ	وَإِنَّا	إِلَيْهِ
یقیناً ہم	اللہ کے لیے ہیں	اور یقیناً ہم	اس کی طرف
رَاجِعُون .	اَللّٰهُمَّ	أُجُرْنِي	فِي مُصِيبَتِي
لوٹ کر جانے والے	اے اللہ	اجر دے مجھے	میری مصیبت پر
وَاخْلُفْ	لِي	خَيْرًا	مِّنْهَا
اور عطا کر اس کے بعد (اس کے بدلے)	مجھے	بہتر (چیز)	اس سے

یقیناً ہم اللہ کے لیے ہیں اور یقیناً ہم اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ مجھے تو میری مصیبت پر اجر دے۔ اور مجھے اس کے بدلے میں یا اس کے بعد اس سے بہتر (چیز) عطا کر۔

**** **** **** قبرستان کو جانے پر **** **** ****				
السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ	يَا أَهْلَ الْقُبُورِ	يَغْفِرُ اللهُ	لَنَا وَلَكُمْ	
سلام ہو تم پر	اے قبر والو،	اللہ بخشے	ہم کو اور تم کو	
أَنْتُمْ	سَلَفُنَا		وَنَحْنُ	بِالْأَثَرِ
تم (لوگ)	ہم سے پہلے		اور ہم	تمھارے پیچھے ہیں

سلام ہو تم پر اے قبر والو، اللہ ہم کو اور تم کو بخشے۔ تم (لوگ) ہم سے پہلے چلے گئے اور ہم تمھارے پیچھے آنے والے ہیں۔

٢. گرامر : TPI کے طریقے کو استعمال کرتے ہوئے گرامر سیکھیے (سوچیے، دیکھیے، بولیے، بتائیے...)

أَرَادَ (DF-4)، **أَرَى** (DF-4) کے ۲۱ اہم صیغوں کی پریکٹس کیجیے. یہ الفاظ **أَفْعَلَ** کے وزن پر آئے ہیں – مزید فیہ کے DF-4 کی یہ مثالیں (**أَرَادَ، أَرَى**) یہاں اس لیے دی جا رہی ہیں کہ اس کے مادوں میں حروف علت (ا، ی) ہیں۔

أَرَادَ (DF-4)، (**أَرَادَ:** ارادہ کیا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
أَرَادَ أَرَادُوا	يُرِيدُ يُرِيدُونَ			أَرَادَتْ ..	تُرِيدُ ..
أَرَدْتَ أَرَدْتُمْ	تُرِيدُ تُرِيدُونَ	أَرِدْ أَرِيدُوا	لاَ تُرِدْ، لاَ تُرِيدُوا		
أَرَدْتُّ أَرَدْنَا	أُرِيدُ نُرِيدُ	مُرِيد، مُرَاد	إرَادَة		

أَرَى (DF-4) (رَأَى: دیکھا، أَرَى: دکھایا)

فِعْل مَاضِي	فِعْل مُضَارِع	أمْر	نَهْي		
أَرَى أَرَوْا	يُرِي يُرُونَ			أرَتْ ..	تُرِي ..
أَرَيْتَ أَرَيْتُمْ	تُرِي تُرُونَ	أَرِ أَرُوا	لاَ تُرِ لاَ تُرُوا		
أَرَيْتُ أَرَيْنَا	أُرِي نُرِي	مُرٍ، مُرًّ	إرَاءَة		

سبق -۴۰ : دیگر اذکار و دعائیں : خطبہ جمعہ کا ابتدائی حصہ۔

**** **** **** جمعہ کے خطبے کے شروع کا حصہ **** **** ****			
إِنَّ الْحَمْدَ	لِلّٰهِ	نَسْتَعِينُه‘	
بے شک ساری تعریف اور شکر	اللہ کے لیے (ہے)۔	ہم مدد چاہتے ہیں اس سے	
وَنَسْتَغْفِرُه‘	وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ		
اور ہم مغفرت چاہتے ہیں اس سے۔	اور ہم اللہ کی پناہ میں آتے ہیں		
مِنْ شُرُورِ	أَنْفُسِنَا	وَمِنْ سَيِّئَاتِ	أَعْمَالِنَا
شرور سے	ہمارے نفسوں کے،	اور برائیوں سے	ہمارے اعمال کی،
مَنْ	يَّهْدِهِ اللّٰهُ	فَلاَ	مُضِلَّ لَه‘
جو۔جس	ہدایت دے اس کو اللہ	تو نہیں	اس کو (کوئی) بھٹکانے والا،
وَمَنْ	يُّضْلِلْهُ	فَلاَ هَادِيَ لَه‘	
اور جو۔جس	وہ گمراہ کردے اس کو	پس نہیں (کوئی) ہدایت دینے والا اس کو۔	

بے شک ساری تعریف اور شکر اللہ کے لئے ہے، ہم اس سے مدد چاہتے ہیں۔ اور ہم اس سے مغفرت چاہتے ہیں۔ اور ہم اللہ کی پناہ میں آتے ہیں ہمارے نفسوں کے شرور سے اور ہمارے اعمال کی بُرائیوں سے۔ جس کو اللہ ہدایت دے تو اسکو (کوئی) بھٹکانے والا نہیں۔ اور جسے وہ گمراہ کردے پس (کوئی) اسکو ہدایت دینے والا نہیں۔

**** **** **** قرآن کریم سے مختلف دعائیں **** **** ****				
سُبْحَانَ	رَبِّكَ	رَبِّ الْعِزَّةِ	عَمَّا	يَصِفُونَ .
پاک ہے	تمہارا رب	عزت والا رب	اس (بات) سے جو	وہ بیان کرتے ہیں۔
وَسَلاَمٌ	عَلَى الْمُرْسَلِينَ .	وَالْحَمْدُ	لِلّٰهِ	
اور سلام ہو	رسولوں پر۔	اور تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	
	رَبِّ	الْعَالَمِينَ (۳۷: ۱۷۹–۱۸۱)		
	رب	تمام جہانوں کا۔		

پاک ہے تمہارا رب، عزت والا رب، اس بات سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ اور سلام ہو رسولوں پر۔ اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

**** **** **** درس یا لکچر کے آخر میں **** **** ****		
وَاٰخِرُ	دَعْوَانَا	أَنِ
اور آخری	بات (صدا پکار) ہماری	(یہی ہے) کہ
الْحَمْدُ لِلّٰهِ	رَبِّ الْعَالَمِينَ	
سب تعریف و شکر اللہ کے لئے (ہے)	جو سارے جہانوں کا رب ہے۔	

اور آخری بات (صدا، پکار) ہماری (یہی ہے) کہ ہر قسم کی تعریف اور شکر اللہ ہی کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے ۔

